بسم اللہ الرحمن الرحیم

اشرف سخن وبہترین کلام حمد الٰہی ہے کہ جس کے قلم قدرت میں از ماہ تا بماہی ہے سبحان اللہ کیا خالق ہے کہ جس
آسمان کو ایسا رفیع اور مرتفع بنایا ہے اور درجک فلک کو کواکب دری سے مرصع فرمایا کہ جس نے نگاہ اٹھا کر دیکھا بے ساختہ
فَتَبَارَکَ اللہُ اَحْسَنُ الْخَالِقِیْنَ زبان پر لایا اس وادی مدحت میں شبدیز قلم تیز خرام لنگ و عقل دریافت معرفت
وحقیقت میں دنگ ہیچ ہے قطرے سے تعریف دریا محال ذرہ توصیف خورشید میں لال ہے وحش اللہ ایسا سرور کائنات
اشرف المخلوقات کہ جس کے نور ظہور سے عالم ایجاد کا ہوا اور اس کی شان ہدایت نشان میں لَوْلَاکَ لَمَا ارشاد ہوا صدق
میں اس کے بنی آدم نے وَلَقَدْ کَرَّمْنَا بَنِیْٓ اٰدَمَ پایا۔ اور اُسکے طفیل احکم الحاکمین سے خطاب مستطاب لَقَدْ خَلَقْنَا الْاِنْسَانَ
فِیْٓ اَحْسَنِ تَقْوِیْمٍ انسان خاکی بنیان کے حق میں آیا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم۔ بعد حمد و نعت خاکپائی فقرا و کفش بردار
علما مسکین ہیچمدان فقیر ابو سلیمان ظہیر الدین احمد المدعو محمد اشرف علی لکھنوی خلف اصغر حضرت مولوی محمد اکبر رزقنا شفاعۃ
شفیع المحشر رقم طراز کا یہ پرواز ہے کہ ابتدائے سن شعور سے عملیات کا شوق رہا جن بزرگ کو اس فن میں استاد کامل پایا کچھ نہ کچھ
اس سے حاصل کیا اور بموجب ارشاد بزرگان طریقت اکثر اسما کی زکوۃ دی ایسے شغلوں میں صرف اوقات کی جس نسخہ اور عمل کو آزمایا سریع
پایا ایک بیاض بطور یادگار ترقیم کیا جس حاجتمند کو تعلیم کیا خدا کے فضل سے اس کا مدعا برآیا اس ہیچمدان کو تجربہ دوبارہ ہوا اسی طرح سے بخیر
ختم ہوا۔ بزرگوں کا جلوہ کرم ہوا بندہ بھاگتا تھا نام سے تالیف کے گبھراتا تھا فکر سے تصنیف کے چنانچہ وہ سب چیزیں جمع نہیں ہوئی
تھیں ان دنوں تین چار صاحبوں نے کچھ شعبدے کچھ نسخے چھپائے اپنے استادوں کے نقشے جمائے جو کہ کل چیزوں میں ترکیب کو دخل تمام
ہے بغیر ترکیب دعا اور دوا بے اثر کلام ہے مثلاً اگر کوئی شخص نماز خلاف وقت مع شرائط ادا کرے نماز صحیح نہیں ہوتی یا نماز وقت پر
پڑھے لیکن خلاف طریق یا خلاف ترکیب مقررہ کے پڑھے تو بھی درست نہ ہوگی چنانچہ اسی طرح عملیات اور نسخہ جات بغیر ترکیب کے
فائدہ نہیں دیتے مؤلف پر عملیات اور نسخہ جات کے مفت کا الزام دیتے ہیں جب اس فقیر نے یہ دیکھا کہ مفت میں بندگان خدا
بھٹکتے ہیں۔ اور بعد امتحان کے کتاب کو زمین پر پٹکتے ہیں دل میں خیال آیا کہ ایک رسالہ لکھے جس میں صحت کے ساتھ عمل شرح و بسط
کے ساتھ پڑھنے کی ترکیب و تعویذ لکھنے اور اوقات اور ساعات لکھے جائیں تا کہ شائقین فائدہ اٹھائیں، اور خاص و عام فیض پاویں،
مؤلف نے نہایت جستجو اور غایت تگاپو سے چند مسائل ضروری اور امور لابدیہ کو لکھا کتب معتبرہ و اقوال صحیحہ سے اعمال پر سند اور نقوش
معتبرہ مجتمع کر کے نام اس مختصر کا **نقش سلیمانی** رکھا صحت اور نظر ثانی کا اہتمام رکھا تب پسندیدہ خاص و عام ہوا، اکثر شائقین ہنر
نے بشوق تمام اس کے چھپوانے پر اصرار کیا کہ مؤلف نے بہار و ناچار اقرار کیا پس عالمین با تمکین سے امید ہے کہ اگر کسی
جگہ سہو و خطا پاویں تو بمقتضا اَلْاِنْسَانُ مُرَکَّبٌ مِّنَ الْخَطَا وَالنِّسْیَانِ اس ہیچمدان حرف گیری سے معاف فرماویں اور یہ
رسالہ مختصر پانچ قسم پر منقسم ہے۔ شعر بہ ہمیں امید این نامہ سیاہ ۔۔ این نقش و نگار یادگار است۔

باب اوّل شامل اوپر تین فصلوں کے

فصل اوّل قواعد عامہ میں

اے عزیز جان تو اس کو دعا اور دوا بلکہ ہر شے میں ایک جز ہوتی ہے اور اس چیز کو معہ ترکیب ادا کرنے سے وہ چیز تمام و کمال اور مراد پر حسب دلخواہ پہنچتی ہے ورنہ ناتمام رہجاتی ہے لوگ فائدہ سمجھکر کرتے ہیں اور آخر کو بے ترکیبی سے حیران اور بے عنوانی سے سراسر نقصان اُٹھاتے ہیں خصوصاً جو صاحب عملیات وغیرہ بے ترکیبی سے خود پڑھنے اور تعویذ لکھنے میں خانے ہندسوں بے انتہا بے ترکیبی کے ساتھ بھرتے ہیں اور بباعث نادانی مشقت اٹھاتے ہیں جب فائدہ نہیں ہوتا تو عمل کو بدنام کرتے ہیں پس لازم ہے کہ جب کسی شے کے کرنے کا ارادہ ہو دل سے آمادہ ہو تو اول اس علم کے قاعدے سمجھے پھر اُسکو شروع کرے لہذا فقیر نے چند قاعدے جو کہ عاملین نے مقرر کئے ہیں اور اپنے پیران طریقت سے سنے ہیں اُن کو مختصر لکھا ہے جو عامل ان قاعدوں کا لحاظ رکھیگا انشاء اللہ سوائے فائدے کے کبھی نقصان نہ اُٹھائیگا۔ **قاعدہ (۱)** اس امر قبولیت دعا اور اعمال میں بڑا دخل کل حلال اور صدق مقال اور پڑھنے کیواسطے رجوع قلب کرے اور وسواس شیطانی اور خیالات لایعنی کو دل سے سلب کرے اور ابتدا انتہا اپنے مطلب کا دھیان رکھے ورنہ کچھ فائدہ نہ ہوگا سہ بزبان تسبیح و در دل گاؤ خر۔ این چنین تسبیح کے دارد اثر۔ **قاعدہ (۲)** جو عمل اور وظیفہ کہ ایام معدود تک واسطے کسی مطلوب کے پڑھے ترک حیوانات ضرور کرے یعنی کھانا اُن چیزوں کا چھوڑدے جیسے گوشت مچھلی اور انڈا کسی اور بہتر یہ ہے کہ ہینگ اور لہسن اور پیاز خام وغیرہ کو بھی نہ کھاوے ان چیزوں کی ترک امید قوی اجابت کی ہے اور کھانے سے تاثیر میں نقصان اور قباحت ہے۔ (۳) جواہر خمسہ میں ہے کہ عملیات کے پڑھنے میں تعیین وقت ضروری مثلاً اگر کوئی شخص کسی عمل کو جلالی یا جمالی طور پڑھے روز اول سے تا اختتام عمل وقت مقررہ کا التزام ضرور رکھے اختلاف وقت سے سراسر نقصان ہے (۴) تعیین مکان بھی اس میں بہت ضروری اختلاف مکان بلا عذر ہرگز جائز نہیں ایک ہی مصلے پر پڑھا کرے جہاں پہلے روز اتفاق ہو۔ (۵) شروع کرنا عمل کا عروج میں بہتر ہے زوال ماہ سے نہیں (۶) جب عمل پڑھنے کو بیٹھے الحمد اور آیت الکرسی اور چار قل کو تین تین سو بار اپنی ہاتھوں کی انگلیوں پر دم کرکے اپنے گرد حصار باندھ کر بیٹھے۔ (۷) جو اسم یا دعا پڑھے اگر اسم یا دعا کے حروف سر اسم پڑھنے والے کا آتشی ہو، تو مراد جلدی برآوے حرف آتشی اور آبی سے عداوت ہے اور حروف آتشی اور آبی سزاوار ہیں اور آبی اور آتشی میں عداوت ہے کہ جو کوئی اسم یا عمل شروع کرے حرف سر اسم درست کرکے پڑھے تاکہ جلد اثر ہو جائے باد برابر آب خاک سزاوار ہیں آب و آتش مخالف اربع عناصر خاک رنگ زرد جبرئیل باد رنگ سبز اسرافیل آب رنگ نیلا حضرت میکائیل آتش رنگ سفید زرد حضرت عزرائیل **قاعدہ (۸)** جب کسی عمل کی زکوٰۃ دے چکے تو چاہئے کہ ہر روز سات بار یا بارہ بار اس سے زیادہ اس کو بلاناغہ پڑھ لیا کرے **قاعدہ (۹)** اعمال میں اجازت صاحب عمل کی ضروری ہے ورنہ اس کے کرنے میں نقصان اور فتور ہے لہذا فقیر نے اعمال مندرجہ رسالہ ہذا کا اذن عام دیا ہے (۱۰) عامل کو دریافت کرنا کیفیت برجوں اور ستاروں اور اُن کی ساعتوں وغیرہ کا بھی ضرور ہے اس واسطے اُن کا مختصر حال لکھا جاتا ہے۔

فصل دوم برجوں کے بیان میں۔ تفسیر فتح العزیز اور کتاب مقصود العاشقین وغیرہ ہما میں لکھا ہے کہ حقیقت برج کی یہ ہے کہ بسبب گردش آفتاب کے آسمان میں دائرہ پیدا ہوتا ہے اور اُس کو دائرۃ البروج کہتے ہیں آفتاب دائرہ کو ایک سال کی رات میں ذکر کرتا ہے اور اس کو بارہ حصوں پر تقسیم کیا ہے اور ہر حصے کا نام برج ہے اور برج کو اہل ہند راس کہتے ہیں اور وہ بارہ برج یہ ہیں حمل ہندی میکھ

ماہ بیساکھ کو کہتے ہیں بصورت مینڈھے کی اور وہ شاخ رکھتا ہے سر اسکا بجانب مغرب اور دم اسکی مشرق کیطرف ہے اور پشت شمال کی اور پا جنوب اور منہ پیچھے پھرا ہوا ہے گویا کسی کو دیکھتا ہے خانہ مریخ مشرقی آتشی سُرخ وبال زہرہ شرف آفتاب و درجہ پر ہبوط زحل مذکور منقلب موکل ہے اطاعیل حرف اع ل ی ثور ہندی برکھ ماہ جیٹھ کو کہتے ہین صورت گاؤ سر اس کا بجانب مشرق اور دم بطرف مغرب خانہ زہرہ جنوبی خاکی سفید وبال مریخ شرف قمر ہندی ۱۹ درجہ پر مؤنث موکل عزرائیل حرف ب جوزا ہندی متھن ماہ اساڑھ کو کہتے ہیں دو لڑکے برہنہ باہم ملے ہوئے کی شکل ہے سر بجانب شمال اور مشرق اور پیر بطرف جنوب اور مغرب کے خانہ عطارد عربی بادی زرد وبال مشتری شرف راس ہبوط ذنب ذوجسدین موکل اسرافیل حرف ۔ف ۔ق ۔ک۔ سرطان ہندی کرک ماہ ساون کو کہتے ہین بصورت جانور دریائی ہندی جیسے کیکڑا اور رکن کتا ہے خانہ قمر شمالی آبی سپید وبال زحل شرف مشتری ہبوط مریخ مؤنث منقلب موکل تیقائیل حرف ۔ک ۔ج ۔ اسد ہندی سنگھ ماہ بھادوں کو کہتے ہیں یہ شکل جانور صحرائی کہ فارسی میں اسکو شیر کہتے ہیں خانہ شمس شرقی آتشی سرخ وبال زحل مذکور مؤنث موکل حرکائیل حرف م ۔ت ۔ سنبلہ ہندی میں کنیا ماہ کنوار یا آسن کو کہتے ہیں بصورت دختر کے ہے دامن کوٹ کا ہے اور داہنا ہاتھ برابر کا ہندسہ کے اُٹھائے ہوئے اور اسی ہاتھ میں بال کسی درخت کے لئے ہوئے خانہ عطارد جنوبی خاکی سبز زرد بعضے سیاہ وبال مشتری شرف عطارد ہبوط زہرہ مؤنث ذوجسدین موکل سماکائیل حرف ب ۔ف عقرب ہندی برچھک ماہ اگہن کو کہتے ہیں بصورت بچھو کے ہے خانہ مریخ شمالی آبی سرخ وبال زہرہ ہبوط قمر مؤنث ثابت موکل صنائیل حرف ۔ل ۔ن ط ۔ص ۔ میزان تلا ماہ کاتک کو کہتے ہیں بصورت ترازو کی ہے خانہ زہرہ عربی بادی سفید وبال مریخ شرف زحل ہبوط آفتاب مذکر منقلب موکل فہم الحائیل ۔ر ۔ت ۔ط ۔ قوس ہندی دھن ماہ پوہ کو کہتے ہیں بصورت ایک مرد کے تیر و کمان ہاتھ میں لئے خانہ مشتری شرقی آتشی زرد وبال عطارد ذنب راس مذکور ذوجسدین موکل صلصائیل حرف ۔ت ۔ جدی گرہ ہندی ماکھ کہتے ہین بصورت بکری کے ہے خانہ جنوبی خاکی سیاہ وبال قمر شریف مریخ ہبوط مشترق مؤنث منقلب موکل سماکائیل حرف ج ۔ج دلو ہندی کنبھ ماہ پھاگن کو کہتے ہیں بصورت ڈول ہاتھ میں لے کر ٹیڑھا کر کے پانی زمین پر گراتا ہے خانہ زحل عربی بادی زرد وبال آفتاب مذکر ثابت موکل سنحارائیل حرف س ۔س ۔ت ۔غ حوت ماہ چیت کو کہتے ہیں یہ صورت مچھلیوں کی ہے خانہ مشتری شمالی آبی سرخ وبال ہبوط عطارد شرف زہرہ مؤنث ذوجسدین موکل فقہائیل حرف و ۔ ج


اور بروج ماہ ہندی کو راقم نے نظم کیا ہے تاکہ دریافت کرنا ان دونوں کا بہت آسان ہو:۔

نظم

حمل بیساکھ ہے اے نکتہ پرداز ٭ مقرر ثور کو رکھ جیٹھ ہمراز ٭ اساڑھ ہندی میں جوزا کو کہینگے ٭ مگر سرطان کو ساون جان لینگے
اسد بھادوں ہے آسن سنبلہ ہے ٭ کہ میزان کاتک اب بھی فیصلہ ہے ٭ کہو عقرب کو اگھن قوس کو پوس ٭ جدی کو ماگھ کہے لے سوئی افسوس
لکھ اشرف دلو کو پھاگن مقرر ٭ کہ کہتے حوت کو ہیں چیت اکثر۔ کسی شاعر نے برجوں کے ناموں کو نظم کیا ہے:۔

حمل ست آتشی و تیر و کمان ٭ ثور خاکی جدی خوشہ ہمان ٭ طبیع جوزا دلو و پلہ ہوا ٭ وال چو خرچنگ حوت عقرب را ٭
ابو جعفر فراہی نے ستاروں کے خانوں کو نظم کیا ہے ؎ حمل و عقرب است با بہرام ٭ قوس حوت است مشتری را نام
ثور و میزان چو خانہ زہرہ ست ٭ مر زحل راست جدی دلو مقام ٭ تیر جوزا خوشہ ماہ سرطان ٭ خانہ آفتاب شیر مدام ٭

جان لو کہ اللہ تعالیٰ نے ہر برج اور ستارے کو نیکی اور بدی اور سعادت اور نحوست میں اثر جداگانہ مرحمت فرمایا ہے اور حکم انکا اس عالم میں جاری ہوتا ہے لہذا عاملوں کے نزدیک بروج دوازدہ گانہ تین ثابت و منقلب ذوجسدین جب آفتاب برج ثابت میں آوے حمل منقلب میں ہرگز شروع نہ کرے کہ وہ برعکس ہوگا یعنی الٹی تاثیر ہوگی وریہی حال بارہویں مہینوں کا ہے اور اس کا تعین ازروئے شمس مہینوں کے ہے فقیر سے بروج دوازدگان کی کیفیت ایک جگہ پر شائقین کو بخوبی حاصل ہوسکتی ہے



فصل سوم طالع کے بیان میں:- یہاں تو اس فن میں استخراج کرنا طالع کا بھی واسطے وغیرہ کے ضروری ہے اس کا مفصل حال بڑی کتابوں میں لکھا ہے اس رسالہ میں نہیں ہے لہذا ایک مختصر قاعدہ عام فہم لکھتا ہوں جس شخص کا حال دریافت کرنا منظور ہوا اعداد اس کے نام کے اور اس کی ماں کے نام کے لیکر ایک جگہ جمع کرے اور پھر اس مجموعہ سے بارہ بارہ کو طرح دے جو ایک باقی رہے طالع حمل کا ہے اور اگر دو باقی رہیں برج ثور ہے اور تین ہیں تو جوزا اور اگر چار باقی رہیں تو طالع برج سرطان ہے اگر پانچ رہیں برج اسد ہے اور اگر چھ باقی رہیں برج سنبلہ ہے اور سات

باقی رہیں برج میزان ہے اور اگر آٹھ رہیں تو عقرب ہے اور اگر نو باقی رہیں تو برج قوس ہے اور دس باقی رہیں برج جدی گیارہ رہیں تو برج دلو اور بارہ رہیں تو برج حوت ہے اِس کی مثال یہ ہے کہ نام سائل کا مراد ہے عدد اس کے وہ پینتالیس ہیں۔ اور سائل کی ماں کے چھیالیس جملہ دو سو اکانوے ہوتے ہیں بعد طرح دینے کے تین عدد باقی رہے اب معلوم ہوا کہ اُس شخص کا طالع برج جوزا ہے :-

باب دوسرا اس میں چھ فصلیں ہیں

فصل اوّل ستاروں کے بیان میں

عجائب المخلوقات اور مقصود العاشقین وغیرہ میں لکھا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے بے شمار ستارے پیدا کئے ہیں کہ شمار اُن کا سوائے اللہ تعالیٰ کے کوئی نہیں جانتا ہے، وہ سب ثوابت یعنی اُن کو بذاتِ خود حرکت نہیں ہے ایسے جڑے ہیں، کہ جیسے انگوٹھی میں نگینہ دار یار نہیں ہوتا اور یہ ستارے دار یار ہیں، اسی سبب سے ان کو ثوابت کہتے ہیں اگر ان میں سے سات ستاروں کو محرک کیا ہے یعنی ہوا رحرکت وہ خود بھی متحرک ہیں اسی واسطے ان کو اہل عرب سبعہ سیارہ کہتے ہیں ان کی حرکات سے طرح طرح کی تاثیرات عالم میں ظاہر ہوتی ہیں اور وہ اکثر چیزوں میں موثر ہوتی ہیں اور ایک ستارہ ایک وقت حکومت کرتا ہے، اور سعد و نحس میں حکم علیحدہ کرتا ہے اور ہر ایک ستارے کا ایک آسمان میں مقام ہے اور آسمان اسی نام سے مشہور ہے، اور وہ ستارے یہ ہیں۔ قمر بفارسی ماہ ہندی چندرماں بصورت مرد دراز دونوں ہاتھ کا بندوں پر دھرے ہوئے ایک ہالہ گرد چہرہ سبز رنگ زردیعنی آبی فلک اوّل عامل روز شنبہ موکل جبرائیل اقلیم ہفت عطارد بفارسی دبیر ہندی بدھ بصورت پیر مرد دراز ریش ہاتھ میں قلم زانوں پر کاغذ رکھے ہوئے گویا کوئی چیز لکھتا ہے رنگ فیروزی فلک دوم عامل روز چہار شنبہ موکل اسمٰعیل۔ اقلیم دوم زہرہ بفارسی ناہید ہندی شکر صورت عورت ہاتھ میں کوئی باجہ لئے ہوئے رنگ سفید عامل فلک سوم روز جمعہ اقلیم سوم شمس بفارسی خورشید ہندی سورج بروایت بشکل مرد میانہ قد گرد چہرہ ہالہ دائیں اور بائیں صورت شیر دونوں ہاتھ اوپر رکھے ہوئے رنگ طلائی عامل فلک چہارم شنبہ روز یکشنبہ موکل کلائیل اقلیم چہارم مریخ بفارسی بہرام ہندی منگل بصورت مرد لشکری ایک ہاتھ میں تلوار دوسرے میں سر کٹا ہوا رنگ سرخ عامل فلک پنجم روز سہ شنبہ موکل الجرائیل اقلیم پنجم مشتری بفارسی برجیس ہندی برہسپت بشکل مرد پیر کتاب ہاتھ میں لئے ہوئے رنگ زرد یعنی صندلی عامل فلک ششم روز پنجشنبہ موکل جہائیل اقلیم ششم زحل بفارسی کیوان ہندی سنیچر بصورت مرد دراز بال چھ ہاتھ دو ہاتھوں سے عصا نیچے کدی کے ٹکائے ہوئے اور دو ہاتھوں میں ڈالی کسی میوہ کی لئے ہوئے عامل فلک ہفتم روز دوشنبہ موکل ارفائیل اقلیم ہفتم سبعہ سیارہ کے نام کسی شاعر نے نظم کئے ہیں:


کواکب مہ نیز ناہید دان ۔ چو خورشید و بہرام برجیس و کیوان ؎

اقلیم ستاروں کی ساتوں اس نظم سے دریافت کرو ؎

بہند را حاکم زحل شد ملک چین را مشتری ۔ ملک ترکستان را مریخ کردہ سروری

شمس آمد در خراسان زہرہ در ماوراء النہر   رو عطارد بلغار را باشد سر سری

صورت اور رنگ موکلات میں بہت اختلاف ہے لیکن اکثر منجموں کے نزدیک اور کتب معتبرہ وغیرہ میں بھی جو رسالہ ٹھیک پایا جاتا ہے موافق اس مختصر کے تھوڑا سا حال قرآن شریف بالاجمال سے لکھ دیا، اور تسدیس تربیع وتثلیث ونظرات وغیرہ کو بلحاظ طول کلام کے نہیں لکھا، مؤلف عفی عنہ نے یہ دائرۃ النجوم رکھا جس کی سیر سے جہل ومعدوم ہو اور کیفیت ونجوم معلوم ہو دائرۃ النجوم صفحہ پر درج ہے



فصل دوم دن اور رات کی ساعتوں کا بیان

جاننا چاہیے کہ خالق جل شانہٗ نے اپنی مخلوق میں تاثیر بخشی ہے اور اُن کی تاثیرات ہمیشہ ظہور میں آتی ہیں چنانچہ جب کوئی کسی کا حاکم ہوتا ہے تو اپنی ایک تاثیر دکھاتا ہے اس واسطے عاملوں نے از روئے اُن کے خواص اور تاثیرات کے عمل پڑھنا اور تعویذات کا اختیار کیا ہے اور زمانہ سابق سے تا ایں دم اس پر عاملوں کا اتفاق رہا ہے لہذا ایک نقشہ ساعتوں کے متعلق دریافت کرنے کا دھوپ گھڑی کے ہے اور سرالطور جدول کے درج کتاب ہذا ہے:۔

نقشہ دریافت کرنے ساعتوں کا بطور دہوپ گھڑی کے

جب آفتاب نکلے ایک لکڑی بارہ انگل کی ہموار زمین پر روبرو آفتاب کے کھڑی کرکے سایہ کو دیکھ کر اس نقشہ سے ساعت معلوم کرے :-

حصہ اول صبح — حصہ دوم بعد میانہ روز

۱	۴۰ - انگل	۳۰ ساعت	۱	۶ انگل	۷ ساعت
۲	۲۰	۳۰	۲	۱۰	۸
۳	۱۵	۳	۳	۱۸	۸
۴	۱۲	۴	۴	۲۰	۱۸
۵	۸	۵	۵	۴۶	۱۱
۶	۴۰	۶	۶	۴۰	۱۲

اور یہ جدول ساعت نامہ کی جس کے دیکھنے سے رات دن اور انکی ساعتوں کی کیفیت معلوم ہوتی ہے اور اس کو ابو المعاشر بلخی نے تالیف کیا تھا اور بسبب کثرت نقلوں کے اس میں تفاوت ہوگیا پھر حکیم ابو العشری نے درست کیا تھا۔ کہ آج تک مروج ہے اب فقیر مؤلف عفی عنہ نے کتاب مقصود العاشقین اور دیگر بعض بیاضہائے معتبرہ سے صحیح نقل کیا ہے مخفی نرہے کہ ہر ساعت پر ستارے کی ایک گھنٹہ کی ہوتی ہے اور بقول صحیح بھی اس سے شمار کرے

	پاس اول			دوم			سوم			پچہارم		
شب و روز	ساعت ۱	ساعت ۲	ساعت ۳	ساعت ۴	ساعت ۵	ساعت ۶	ساعت ۷	ساعت ۸	ساعت ۹	ساعت ۱۰	ساعت ۱۱	ساعت ۱۲
شب شنبہ	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر
روز شنبہ	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ
شب یکشنبہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ
روز یکشنبہ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل
شب دوشنبہ	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد
روز دوشنبہ	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس
شب سہ شنبہ	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری
روز سہ شنبہ	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر
شب چہار شنبہ	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ
روز چہار شنبہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ
شب پنجشنبہ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل
روز پنجشنبہ	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد
شب جمعہ	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس
روز جمعہ	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری

فصل ستاروں کے نحس و سعد اور اُس کی ساعتوں میں تعویذ لکھنے کے بیان میں

جان تو کہ مشتری سعد اکبر ہے اور اس کی ساعتوں میں تعویذات محبت اور حاضر ہونے غائب اور رفع بیماری کا لکھا جاوے اور زہرہ سعد اصغر ہے اسکی ساعت میں تعویذات الفت اور زبان بندی اور خواب بندی کا لکھنا چاہیئے اور عطارد وشترک ہے اس کی ساعت میں تعویذات محبت خواب خواب بندی اور تیغ بندی وغیرہ کا لکھا جائے اور شمس سعد ہے اس کی ساعت میں بھی تعویذات محبت اور شفا امراض لکھتے ہیں اور قمر کو بھی سعد کہتے ہیں اُس کی ساعت میں محبت اور اخلاص اور شفا امراض لکھتے ہیں اور زحل نحس اکبر ہے اس کی ساعت میں تعویذ ہلاکی دشمن کا لکھنا اور مریض سعد اصغر ہے اسکی ساعت میں تعویذ عداوت اور ہلاکی دشمن کے لئے لکھے لیکن طالب کو چاہیئے کہ وقت سعد کے کام کرے اور وقت نحس کے کوئی کام نکرے کہ انجام کو نہ پہنچے گا کہ نیک ساعت میں جو کام ہوگا اس کا انجام اچھا ہوگا۔

فصل بخورات کے بیان میں

کہ جواہر خمسہ اور مقصود العاشقین میں لکھا ہے کہ عامل جب عمل پڑھے تو تعویذ لکھنے میں ان بخورات کا ضرور دھیان رکھے موافق ہر ستارہ کے بخور جلاوے بخور مشتری عود لوبان مشک اور کافور اور جودانہ ہندی سرخ اور شکر بخورات زحل عود اور لوبان اور رال بخورات مریخ لوبان اور وقت لکھنے تعویذ اور جلانے فتیلہ کے پلپل گرد جلاوے اور یہ بخورات بحکم ستارہ عاشق بحکم ستارہ معشوق کے کرے اگر ستارہ عاشق کا ایک ہی ہو ایک ہی بخور جلاوے اور بخورات تعویذات بغضیات رائی اور رال ہے اور واسطے فتیلہ جن اور بھوت وغیرہ کے گوگل اور ہینگ اور سرسوں اور پلپل گردے اور بخورات دہی کو کہتے ہیں

فصل ستاروں کے فالنامہ میں

بہ سبب مناسبت مقام کے



یہ فالنامہ لکھ دیا ہے جب کسی شخص کو کچھ کیفیت اپنی دریافت کرنی منظور ہو تو اول آنکھ بند کر کے کلمہ کی انگلی کو اس دائرہ کے کسی ایک خانہ پر رکھے پھر اپنا حال اشعار مرقومہ ذیل سے دریافت کرے یہ فالنامہ بہت ہی مجرب اور آزمودہ ہے:—

زحل پر گر پڑے انگشت فی الحال
مکدر طبع بھی رہتا بگا ہے
تو جس کا دوست ہوگا وہ بھی ایذا
رہے گا چند روز احوال اس طور
تلاش نوکری میں گر ہے حیران
اگر ہے خواہش محبوب و فرزند
بروز پنجشنبہ دال اور ماش
یقین ہے یہ کہ گذرے اب خوش او قات
الم جو کچھ ہے وہ جاتا رہے گا

تو سُن تو طالع اختر کا احوال
وہ کب ہاتھ آئے جس کو تو چاہے
کری ہے دشمنی کی تجھ سے وہ بات
پھر اسکے بعد ہوگا نقشہ کچھ اور
توقف سے تیرا دل ہوگا شاد اس
بدیراس سے تیرا دل ہوگا خورسند
تصدق اپنے اوپر کرکے خوش باش
کسی ہو اہل دل سے بھی ملاقات
نہ رنج و تنگدستی تو سہے گا

کوئی تیرا مخالف ہے سیہ رو
مقرر جی گھبراتا ہے اکثر
کسی نے کر کے کچھ اقرار تجھ سے
کہ یعنی ہاتھ آئے اُس کی دولت
کسی سے گر ہوئی ہے کچھ لڑائی
غرض اس سے ہراساں ہو نہ اب کچھ
پڑے گر مشتری پر تیری انگشت
جو تجھ کا دوست ہو مدت سے تیرا
اگر اولاد کی ہوگی تمنا

خبر اس کی تجھے ہو یا نہیں ہو
کہیں جانے کا دھیان آتا ہے اکثر
کیا الفانہ وعدہ یار تجھ سے
مرض ہووے تو اس سے ہوگی صحت
بمہلت صاف ہو جاوے صفائی
فائدہ عرصہ سے ہاتھ آئیگا سب کچھ
تو زر آئیگی تیرے ہاتھ یکمشت
مقرر وہ کرے گھر میں پھیرا
پسر ہووے سعادتمند پیدا

یقین ہے ہاتھ آوے گا مقرر
اگرچہ ہوگی اب کچھ شے تیری گم
پیادہ پا ہے گر ہو بے قراری
اگر انگشت تیری تا بیک دو
نحوست رکھتے ہیں از بسکہ ایام
اک اندیشہ سا ہے کچھ دل کو دن رات
لباس سرخ سے ہوگا دل خوشحال
نہ تیری جان دکھ پاتی رہیگی
پڑی اب شمس پر تیری ہے انگشت
مگر شدت پہ جس دم آئی ہے یہ
کہیں سے خوشدلی کا آوے پیغام
جواہر پاکے بھی تو ہووے شاد دل
پسر کی دل میں کچھ خواہش اگر ہو
یہ سن کے روز پنجشنبہ منگا کر
سواری کو ہے چاہی گر تیرا جی
کسی نقصان سے غمگین جو ہے دل
کوئی خواجہ سرا ہے یا کہ عورت
اگر کچھ کشت کاری تو کرے گا
بروز شام جمعہ اتنا کیا کر
مگر اندک توقف سے ہو ہر کام
اگر آزار ہے تو غم نہ کھا تو
اگر تجھ پر ہر اک مہرباں ہو
اگر ہے خواہش محبوب تجھ کو
دیا کر فاتحائی پارچہ اور
سریع السیر ہے از بس نیارا
مخالف جلد ہوگا دفع تیرا
کرے نزلہ اگر بیتاب تجھ کو

لباس زعفرانی یا کہ پر زر
پکڑ آئیں گے وہ سب در مجرم
تو پھر ہاتھ آئیگی اچھی سواری
سوئے مریخ آوے چوں مہ نو
بگڑ جاتا ہے ہوتے ہوتے ہر کام
عرض ہے تا درستی اب تو اوقات
ز قسم بافتہ یا کچھ اور مال؛
جو کچھ تشویش ہے جاتی رہیگی
ہراساں نہ ہو دھر دلو میں انگشت
نحوست کام میں کر جائے ہے یہ
جو بگڑے ہوں سنور جاویں وہ ایام
بہ قسم لعل اور یاقوت مرجاں
تو فخر خانداں پیدا پسر ہو
گیہوں اور دودھ کو صدقہ دیا کر
ملیگی خشک نفری یا کہ گھوڑی
تو ہوگا نفع افزوں اس سے حاصل
کہ ہووے گا کوئی امرد کی صورت؛
تو پھر دولت سے تیرا گھر بھرے گا
کہ صدقہ موم اور روغن دیا کر
درستی پر بمہلت ہوویں انجام
کہ صحت اس سے ہووے گر دوا تو
کہ جس کے گھر میں بھی دولت عیاں ہو
ملے گا وہ بھرا اسلوب تجھ کو
بروز چارشنبہ رنگ فی الفور
ہو جلدی کام تیرا آشکارا
رہیگا وہ نہ غم جس نے ہے گھیرا؛
بجا ہے احتیاط اب تجھ کو

غم دوری ہے یا ہے اور کچھ غم
اگر کچھ جھگڑا آپس میں ہوا ہے
بروز پنجشنبہ صدقہ کر کے
بدن میں رہتی ہے گرمی ہی اکثر
درون سینہ دل رہتا ہے بیتاب
کسی سے دل بھی چاہیگا کہ کہئے
اگرچہ ہے ابھی تشویش سی ہے
عدس کی دال اور گوشت سینہ بو
کہ سلطاں ان کواکب کا ہے خورشید
تعلق گر طبیعت کا کہیں ہے
مخالف مفلسی کا ہے آزار
لڑے کوئی زراہ تند خوئی
جو آپس میں ہوئی کوئی لڑائی
جو زہرہ پر تیری انگشت آوے
اگر دل پر ہے غم جاتا رہیگا
جو ہے امراض سے کچھ دل کو آزار
مقرر اس سے ہوگا نفع حاصل
مطالب جو کہ ہیں سب ہونگے حاصل
عطارد پر پڑے گر تیری انگشت
خلش ہو دل کو جس دم رشک کے بن
اگرچہ چند روز ایام ہیں سخت
بلا کر ہاتھ وہ پکڑے گا تیرا؛
جو کچھ دل میں تیرے ہے اور مطلب
قمر پر گر تیری انگشت آئے
نصیبوں میں ہووے یکبار دولت
کسی درویش کا شاید ہو آنا
کرے سوداگری تو نفع ہووے

تو ہرگز غم نہ کھا ہوویگا خرم
تو ہوگی صلح نظارہ تجھ کو کیا ہے
چنے کی دال اور تو چوب زردے
جو ہو خونخوار گر کوئی مقرر
ہو ضعف الم اب کم ہے خور و خواب
نہیں کوئی تو آپے سے نکریئے
پر اس کے تجھ کو دل خوشی ہے
دیا گر منگل کو کرتا ہو نہ رنجور رہا
خدا چاہے تو بر آوے سر امید
تو معشوق اُس کا اس سے خشمگیں ہے
خدا چاہے تو سب ہو دفع یکبار
تو اس پر فتح ہو با سر خردی
یہ مطلب صاف ہو جاوے صفائی
گیا پردیس میں ہو وہ گر آوے
خوشی کی بات کوئی آکہے گا
تو صحت اس سے پاویگا تو یکبار
گر اب شادی نہ کر غمگین اپنا دل
منور تیرا ہوگا سب یہ منزل
در علم ہاتھ آوے تیرے یکشت
تو ہووے وصل اسے اک نہ اک دن
دل ہوگا درخشاں کوکب بخت
غلط نہ جانیو کہنا یہ میرا
توقف سے وہ حاصل ہونگے سب
تو تجھ کو عیش و عشرت کچھ دکھائے
تعجب کیا جو ہو جاوے وزارت
بتاوے وہ تجھے چاندی بنانا
مگر دریا میں کچھ اپنا بھی کھووے

اگرچہ آجکل دل کو نہیں کل
ملے گا مہ لقا فرزند کوئی

وے کل ہوگی تجھ کو آج ہی کل
کہے ہے تجھ کو اب یہ خوب گوئی

اگر ہے آرزو فرزند ہوگا
یہ سن لے تو دوشنبہ کو سنگاگر

تو اس فرزند سے خورسند ہوگا
برنج اور کوڑیا صدقہ دیا کر

فصل ۶ مہینے قمری اور تاریخوں نحس اور قمر عقرب کے بیان میں

اس فن کے کاملین نے عملیات کے پڑھنے میں مثل مہینوں کی بھی رعایت رکھی ہے چنانچہ ہر مہینے کے تین تین عشرے مقرر کئے ہیں اول عشرہ واسطے کشایش رزق فتوح کے ہوگا اور دوسرا عشرہ بنا بر محبت اور تسخیر کے تیسرا عشرہ عداوت کے واسطے ان دونوں کو بھی عامل ملحوظ رکھے بنابر وسعت رزق و تسخیر و شفائے امراض پیر کا دن واسطے محبت اور ترقی کے روز جمعرات کا اور بجہت ہلاکی اعدا دن ہفتہ کا اور اتوار اور منگل کا واسطے زبان بندی وغیرہ کے دن اتوار اور بدھوار کا اور ان تاریخوں کا بھی لحاظ رکھے سفر السعادۃ اور کتاب سنن الہدےٰ میں لکھا ہے کہ حضرت عباس رضؓ سے منقول ہے کہ ہر مہینے میں سات دن نحس ہیں چنانچہ ان ابیات کو کسی شاعر نے نظم کیا ہے ؎

ہفت روزے نحس باشد از ہے ❊ رو حذر کن تا نیابی ہیچ رنج ❊
سہ و پنج و سیزدہ و شانزدہ ❊ بست و یک یا بست و چار و بست و پنج ❊

حضرت علی کرم اللہ وجہہ سے روایت ہے کہ عاقل ان دنوں میں کوئی جدید کام نہ کریگا اگر کریگا انجام کو نہ پہنچیگا واللہ اعلم اور ہر کام جدید میں قمر در عقرب کا دھیان ضرور رکھے کسی شاعر نے اسی حساب کو نظم کیا ہے مؤلف نے بعینہ مرقوم کیا ہے ؎ عقرب اندر مہینے دو نیم روز آردگراں ❊ ہر کہ کارے لو کند افتد دروں خطر و زیاں ❊ یازدہ اندر اساڑھ و ہشت اندر ساون ست و ششش بہ بھادوں سہ با آسن یک بہ کاتک امتحاں ❊ بست و ہشت آمد باگن بست و شش آمد باگن بست و ششش آمد بپوس ❊ بست و سہ در ماگھ آمد بست و یک پھاگن بداں ❊ ہژدہ اند چیت تشمر شانزدہ اندر بیساکھ سیزدہ در جیٹھ گیر وایں نحی دانی بداں

باب تیسرا اس میں دو فصلیں ہیں

فصل اول معانی اور اعداد ابجد کے بیان میں۔ اکثر رسائل معتبرہ میں لکھا ہے کہ عامل حساب کو دریافت کرے کہ واسطے بنانے نقش کے بہت ضروری ہے اور بغیر دریافت اعداد و حروف اکثر امور میں غلطی واقع ہوتی ہے لہذا اعداد رقسم سے اول معانی ابجد دریافت کرنا چاہئے کتاب منتخب اور غیاث اللغات میں لکھا ہے کہ مرامر نام ایک مرد تھا کہ گنتا اس نے ایجاد کیا اور یہ آٹھ کلمے ابجد ہوز وغیرہ اس کے آٹھوں بیٹوں کے نام ہیں اور ضوابط نظم میں ان آٹھ کلموں کے یہ معنی ہیں ابجد آغاز کیا ہوا۔ ہوز ملا حطی واقف ہوا کلمن سخن گو ہوا سعفص اس سے سیکھا۔ قرشت۔ ترکیب۔ ثخذ نگاہ رکھا ضظغ تمام کیا۔ اور نزدیک اہل لغت کے یہی معنی الفاظ کے ہیں۔ اس رسالہ مختصر میں تھوڑے سے لکھدیئے ہیں جلد اول علم جفر سے اس سے سات کلمات ہیں اور ہر کلمے کے چار حرف ہیں اور ایک کا سبع سیارہ سے تعلق ہے اور اس میں چار حرف آتشی اور سات بادی ہیں اور سات خاکی ہیں ان حروف میں سے جو حروف جس شخص کے سر اسم پڑے اس کا اور اس کے نام کا تعلق اس ستارہ سے ہوگا موافق اس کے بخور جلادے بہت جلدی اثر ہوگا

ستارہ	ابجد	ہوزح	طیکل	منع	فص قرت	شت ثخذ	ضظغ
سخ	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر
آتشی	۱ ا	۵ ہ	۹ ط	۴۰ م	۸۰ ف	۳۰۰ ش	۷۰۰ ذ
بادی	۲ ب	۶ و	۱۰ ی	۵۰ ن	۹۰ ص	۴۰۰ ت	۸۰۰ ض
آبی	۳ ج	۷ ز	۲۰ ک	۶۰ س	۱۰۰ ق	۵۰۰ ث	۹۰۰ ظ
خاکی	۴ د	۸ ح	۳۰ ل	۷۰ ع	۲۰۰ ر	۶۰۰ خ	۱۰۰۰ غ

فصل ۲ حروف تہجی کے بیان میں - عالمان کامگار اور مرشدان نامدار نے فرمایا ہے کہ عامل پر لازم ہے کہ پہلے حروف تہجی کی زکوٰۃ دے بعدہ جس عمل کو چاہے پڑھے اس عمل کی تاثیر جلدی ہوگی اور رجعت سے محفوظ رہے گا اور بہت لوگ نادانی سے شروع کرتے ہیں اور زکوٰۃ نہیں دیتے اگر رجعت میں یا وہ لوگ گذر جاتے ہیں اور رجعت اسے کہتے ہیں کہ عمل پڑھنے میں طبیعت بسبب کسی بے احتیاطی کے منقلب ہوجائے بعض کہتے ہیں کہ یہ اٹھائیس حرف تہجی نام باریتعالیٰ کے ہیں کہ فرشتے ان ناموں سے اللہ تعالیٰ کی تسبیح کرتے ہیں اور بزرگی ان کی ظاہر ہے الفاظ قرآن مجید اور سب نام انہیں سے ترتیب پاتے ہیں طریقے ان کی زکوٰۃ کے بہت ہیں لیکن سہل طریقہ یہ ہے کہ ہر روز ایک حرف کو ۴۴ مرتبہ اٹھائیس دن تک بلاناغہ باموکل پڑھے اور جب مشکل پیش آئے تو اٹھارہ مرتبہ ایک مجلس میں پڑھے انشاءاللہ تعالےٰ وہ مشکل حل ہوگا وہ یہ ہیں: بسم اللہ الرحمن الرحیم یا اسرافیل بحق یا ب عزرائیل یا ت میکائیل بحق یا ث کلکائیل بحق یا ج تنکائیل بحق یا ح یا میکائیل بحق یا خ دردائیل بحق یا د اطرطیل بحق یا ذ یا امراکیل بحق یا ر شرفائیل بحق یا ز یا ہمواکیل بحق یا س یا ہمرائیل بحق یا ش یا ہجائیل بحق یا ص یا عطکائیل بحق یا ض یا اسمائیل بحق یا ط یا لوذائیل بحق یا ظ یا لومائیل بحق یا ع یا لوخائیل بحق یا غ یا سرحماکیل بحق یا ف یا عترائیل بحق یا ق یا حوزائیل بحق یا ک یا طاطائیل بحق یا ل یا روپائیل بحق یا م یا مراجرلائیل بحق یا ن یا افتمائیل بحق یا و یا روپائیل بحق یا ہ یا سرائیل بحق یا ی یا حماکائیل :-

باب چوتھا اس میں تین فصلیں ہیں

فصل اول اقسام تعویذ اور اُن کے فوائد میں

تعویذ چار قسم کا ہوتا ہے - آتشی - بادی - آبی - خاکی - وغیرہ

تعویذ آتشی اس کو کہتے ہیں کہ کاغذ یا سفال آب نارسیدہ یا پوست ہرن یا لوح چینی یا جس چیز پر لکھیں اور آگ میں ڈالیں یا نزدیک چولھے کے دفن کریں یہ واسطے فتوحات اور خواب بندی کے ہے اور بادی تعویذ یہ ہے کہ تعویذ لکھ کر درخت یا کسی بلند جگہ پر لٹکاویں تاکہ ہوا سے ہلے یہ محبت اور زبان بندی کے لئے ہے اور تعویذ آبی لکھ کر پانی میں مثل دریا حوض یا کنوئیں وغیرہ کے ڈالیں یہ خلاصی قید و تسخیر وغیرہ کے لئے جائز ہے اور تعویذ خاکی یہ ہے کہ نیچے چوکھٹ یا چوراہے یا راستے یا گورستان یا پہاڑ وغیرہ کے دفن کریں اس واسطے یہ تعویذ ہلاکی دشمن کے لئے ہے اور اگر تعویذ آتشی لکھیں تو

ان شرطوں کا خیال رکھیں کہ جس وقت یہ تعویذ لکھے۔ تو منہ طرف مشرق کی ہو اور ایک زانو پر بیٹھیں اور دیگر ان یا توں کے لکھیں تو ان باتوں کا خیال رکھیں کہ جس کے واسطے یہ تعویذ لکھیں اُس کے نام میں یہ گیارہ حرف ہوں اب ج د ر ق ہ ق ن ص ط اور اونچے مکان پر بیٹھ کر لکھے اگر کچھ بدن میں پانی اور گذرا ہوا نہ ہو اور منہ طرف مغرب کی ہو اگر تعویذ آبی لکھے تو کنارے حوض یا دریا کے بیٹھ کر لکھے اور منہ جانب شمال کی ہو اور اگر تعویذ خاکی ہو تو ان چار شرطوں کا لحاظ رکھے کہ مکان خالی ہو اور منہ جانب جنوب کی ہو اور اگر کچھ خوشبو مثل عود کے جلتی اور ایک زانو سے زمین پر بیٹھے۔

فصل ۲ تعویذات لکھنے کے بیان میں کہ جو کوئی شخص تعویذات لکھے ان ساعات میں قلم بنانے واسطے زبان بندی اور خواب بندی کے ساعت عطارد میں اور بجہت تیغ بندی اور خواب بندی کے ساعت عطارد میں اور بجہت تیغ بندی کے ساعت مریخ میں اور واسطے دشمنی اور جدائی کے ساعت زحل میں اور واسطے محبت کے ساعت قمر میں اور ترقی رزق کے لئے ساعت زہرہ میں اوقات تعویذ لکھنے کے یہ ہیں وقت صبح تعویذات محبت او وقت نیم چاشت تعویذات بیماری وقت ظہر تعویذات عداوت میان ظہر و عصر تعویذات زبان بندی وقت نماز عشا تعویذات خواب بندی یہ اوقات تعویذ لکھنے کے حضرت داؤد سبز پوش ابو القلم غزالی رحمۃ اللہ علیہ سے منقول ہیں اور شرائط تعویذ لکھنے کے یہ ہیں کہ جملہ تعویذات کو با طہارت بدن اور وضو کے لکھے اور لکھنے کے وقت اپنے بدن پر خوشبو لگائے اور تعویذ کے شروع سے پہلے ۷۸۶ جو عدد بسم اللہ کے ہیں لکھے اور جب نقش لکھے تو اول یا حافظ یا حفیظ یا رقیب یا وکیل پڑھ کر دم کرے اپنے اوپر رجعت نہ ہوگی اور درمیان میں کسی سے کلام نہ کرے اور وقت لکھنے کے سایہ عورت ناپاک غیر محرم کا نہ پڑے اگر تعویذ محبت کا لکھے تو عروج ماہ ہو اول قلم بائیں ہاتھ میں پھر کاغذ داہنی ران پر رکھے اور کوئی چیز شیریں منہ میں رکھے اور شکر چراغ میں ڈالے اور تعویذ مشک سے پر کرے تو بہتر ہے اور خیال مطلوب کا دل میں رکھے کہ گویا سامنے موجود ہے اور منہ طرف خانہ حبیب کے کرے تعویذ محبت حرام کے واسطے ہرگز نہ کرے مفاد اس کا ہرگز ظہور میں نہیں آئیگا۔

قاعدہ۔ اگر چاہے کہ مرد عورت سے دوستی کرے نام عورت کا پہلے لکھے اگر چاہے کہ عورت مرد سے محبت کرے نام مرد کا عورت کے نام سے پہلے لکھے اور تعویذ واسطے بیماری کے خوش و خرم لکھے اور اگر واسطے عداوت کے لکھے اول کاغذ بائیں ران پر رکھے پھر قلم ہاتھ میں اور کوئی چیز تلخ یا ترش منہ میں رکھے اور تیل میں تھوڑا سا سرکہ ملا کر لکھے اور ہینگ جلاوے اور اخیر ماہ میں لکھے بہت جلد فائدہ حاصل ہوگا اگر تعویذ جدائی یا عداوت واسطے عورت منکوحہ کے نہ لکھے ورنہ سخت گنہ گار ہوگا۔ اور اگر تعویذ زبان بندی اور تیغ بندی کا اور خواب بندی کا لکھے تو تھوڑا موم مُنہ میں رکھے اور زبان کو دانتوں میں دبا دے اور جب تعویذ تمام ہو زبان کھول کر الحمد للہ کہے اور تعویذ زبان بندی کا شنگرف سے پر کرے اگر تعویذ تیغ بندی اور خواب بندی وغیرہ کا لکھے پلپل گرد منہ میں رکھے اور تعویذ سیاہی سے پُر کرے:۔

فصل ۳ تعویذ بھرنے کے بیان میں کہ حضرت مولانا استاذی عالم ربانی مرتاض حقانی مولوی نذیر علی لکھنوی مدظلہ العالی نے فرمایا ہے کہ قاعدہ پُری نقش مثلث کا یہ ہے کہ جس کے نام کا یہ آیت کا نقش بھرنا چاہئے اس میں جتنے حروف لکھے جاتے ہیں اُن کے عدد نکال کر جو حرف بڑھایا جاتا ہے مگر لکھا نہیں جاتا اس کے عدد نہ لے جب عدد اس طرح

نکال چکے تب اس میں بارہ گرا دے باقی کو تقسیم کرکے ایک حصہ کو پہلے خانہ میں لکھے جیسے حوا اس کے حروف مکتوبی ہیں ح۔و۔اور ا۔ اور ملفوظی چار ہیں ایک ح دو واؤ ایک الف پس مکتوبی کے عدد پندرہ بارہ گرا دے تین باقی رہے اس کے تین حصے کئے ایک ایک حصہ کیا اسی ایک کو پہلے خانہ میں لکھا پھر ایک ایک اس پر زیادہ کرکے لکھنا چاہئے اسی طریقہ پر کہ پہلا عدد جہاں لکھا اسے شطرنج کے گھوڑے کی چال پر جو خانہ ہو۔ اور تیسرا عدد اسی خانہ میں جو دوسرے خانے کی چال پر ہو اور چوتھا عدد اسی خانہ پر لکھے جو تیسرے رخ کی چال پر ہو اور پانچواں اسی خانہ میں لکھے جو چوتھے کے فرزین کی چال پر ہو اور چھٹا اس خانہ میں لکھے جو پانچویں پر فرزین کی چال پر ہو اور ساتواں اس خانہ میں لکھے جو چھٹے خانہ سے رخ کی چال پر ہو اور آٹھواں اس خانہ میں لکھے اور ساتویں سے گھوڑے کی چال پر ہو اور نانواں اس خانہ میں لکھے جو آٹھویں سے پھر گھوڑے کی چال پر ہو پس مثلث کے ساتھ سب پورے خانے ہوگئے مثلاً مثلث میں جب تک بارہ خانے کے اعداد تین پر تقسیم نہ ہوں بھرا نہیں جاتا شعر مثلث :- ؎

اسپ ۱	۱	فرزین ۶
اسپ ۱	فرزین ۵	رخ ۷
رخ ۴	اسپ ۹	اسپ ۸

دو اسپ و رخ و فرزین باز رخ گیر دو اسپ آخر مثلث راست تصویر

ایک کتاب معتبر میں نقش آبی۔ آتشی۔ بادی۔ اور ان کے گھر بھرنے کا طریقہ یوں لکھا ہے کہ آتشی کو پہلے خانے سے شروع کرے اور کسر اعداد کو خانہ ۷ اور خانہ چھ کو خانہ چار میں اور بادی کو خانہ چار سے بھرے اور کسر ۳ میں اور کسر ۲۔ ۷ اور آبی خانہ ۶ سے لکھے کسر ا ۴ میں اور کسر ۲۔ ۷ میں بھرے مثلث پورا ہوگا۔

آتشی

۸	عزرائیل	۶
۳	۵	۷ کسر ا
۴ کسر ا	۹	۱۴

بادی

۸	۳	۲ کسر ا
اسرافیل	۵	۸
۶	۷ کسر ۲	۲

آبی

۴ کسر ا	۳	۸
۹	۵	میکائیل
۲	۷ کسر ۲	۶

خاکی

۲	۹	۲ کسر ا
۷ کسر ۲	۵	۲
۶	جبرئیل	۸

اور مولانا ممدوح نے فرمایا ہے کہ مربع بھرنے کا یہ طریقہ ہے کہ اسی قاعدے سے اعداد نکال کر ان میں سے تین گرادے اور پانچ کو چار پر تقسیم کرے اگر پوری تقسیم ہو جاوے تو ایک حصہ کو پہلے خانہ میں لکھے مثلاً کل عدد ۱۹ ہیں تقسیم کرنے کے بعد چار بچے ۱۴ پر تقسیم کیا پورے تقسیم ہو گئے ایک ایک حصہ ہوا اور ایک کو پہلے خانہ میں لکھا جو پہلے سے گھوڑے کی چال پر تیسرا اس خانہ میں لکھا جو دوسرے سے فرزین کی چال پر ہوا آٹھواں اس خانہ میں جو ساتویں سے اسپ کی چال پر ہو اور نواں عدد اس خانہ میں جو آٹھویں سے فیل کی چال پر سب خانے نقش کے بھر جاویں گے:۔

اور اگر بعد تقسیم کے ایک عدد بچے مثلاً کل ۲۵ ہوں تو تین کم کریں بعد پانچ بچے پانچ کو چار پر تقسیم کیا تو ایک حصہ ہوا۔ اور ایک رہا:۔

جب بھی ایک حصہ کسی خانہ میں اور لکھتا چلا آوے جب تیرہویں خانہ تک پہنچے تو اس میں ایک عدد بڑھا دیوے اور اگر دو عدد بعد تقسیم کے بچے ہوں تو نویں خانہ میں ایک عدد زیادہ کر کے لکھے نقش پورا ہو جائیگا مثال

پہلی مثال اس کی جو بعد تقسیم کے کچھ نہ بچے

۱	۱۴ اپیل کا	اپیل ۶ کا	۱۸ اسپ
۱۳ پیل ۵ کا	۷ فرزین	۱۲ اسپ	۱۱ پیل کا
۱۶ اسپ	۹ پیل ۸ کا	۱۶ اپیل اکا	۳ فرزین
۱۵ اپیل ۲ کا	۴ اسپ	۵ رُخ	۱۰ اپیل ۴ کا

مثال دوسری جو بعد تقسیم کے کچھ نہ بچے

۱	۱۵	۱۱	۱۸
۱۲	۷	۲	۱۴ تیرا خانہ ہے
۶	۹	۱۷	۳
۶	۴	۵	۱۰

مثال تیسری اس کی جو بعد تقسیم کے دو بچیں

۱	۵	۱۲	۸
۱۳	۷	۲	۱۴
۶	ایر خانہ ۹ ہے	۱۷	۳
۱۶	۴	۵	۱۱

مثال چوتھی اس کی جو بعد تقسیم کے تین بچیں

۱	۱۵	۱۲	۹
۱۳	۸	۲	۱۴
۷	۱۰	۱۷	۳
۶	۴	۴ یہ خانہ ہے	۱۱

شعر

اسپ وزیں اسپ رخ باز اسپ فرزیں اسپ گیر پیل داری در مربع ہر طرف دوری بگیر

اور مثلث مربع بھرنے کی یہی طریق ہیں۔ لیکن فقیر نے اتنے پر اکتفا کیا تا کہ طول نہ ہو جاوے:۔

باب ۵ اس میں عملیات اور تعویذات ہر قسم کے ہیں اور اس میں اٹھارہ فصلیں ہیں۔

فصل اول عملیات اور تعویذات قضائے حاجات کے بیان میں:۔

جب کسی کو کوئی مصیبت پیش آوے تو یا حی یا قیوم بحق لا الہ الا انت سبحانک انی کنت من الظالمین عشا کے وقت ستر بار پڑھے اور بعد ہر ظالمین کے اپنا مطلب کہے انشاء اللہ درمیان

۴۰ روز کے مطلب برآمد ہوگا مجرب ہے حضرت شاہ ولی اللہ نے چار باب میں لکھا ہے کہ جو عمل حصول مطلب میں جلالی یا جمالی ہو ہیچ حکم کبریت احمر کے ہے اسم اعظم میں شمار ہے وہ لا الٰہ من الظالمین تک ہے :-

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ہے کہ جو دعا ذاالنون مصری کی ہے کہ مچھلی کے پیٹ میں فرمائی جو مسلمان جس مطلب کے واسطے اس آیت سے دعا کریگا قبول ہوگی۔ اور یہ حق ہے کہ دعا نہایت مجرب ہے اور کمال سریع الاثر ہے جس امر میں چاہے اس آیت سے دعا کرے حضرت امام جعفر صادق نے فرمایا ہے کہ جو کوئی اس وسیلہ سے سوال کرے وہ پاوے اور جو دعا کرے قبول ہو مجھ کو تعجب آتا ہے اس شخص سے کہ بواسطہ اس کے دعا کرے اور قبول نہ ہو۔ اور مشایخ رحمۃ اللہ علیہ کا اسکی سرعت تاثیر اور تخلیف پر اجماع ہے اور طریقے اس کے ختم کے بہت ہیں اور آسان طریقے دو ہیں ایک یہ ہے کہ بارہ دن تک بہ نیت حصول مطلب باراں ہزار بار پڑھے اور اول آخر درود شریف پڑھے اور دوسرا طریقہ یہ ہے کہ ایک لاکھ ۵ ہزار بار پڑھے اور اس طریقے کو چالیس روز تک کرے خلاصہ یہ ہے کہ اسکی قوت اور تاثیر میں فرق نہیں اس واسطے کہ کوئی عمل ایسا نہیں ہے کہ جس کی صحت قرآن مجید سے ثابت نہ ہو اور حدیث شریف اور اجماع اور اقوال مشایخ سے برابر ثابت ہو۔ ایضاً۔ حضرات مشایخ سے منقول ہے کہ بدیع العجائب بالخیر یا بدیع بارہ سو مرتبہ بارہ دن تک بستر طاہر پر بیٹھکر رجوع قلب سے پڑھے اور اسی جگہ سو رہے اور قبل پڑھنے کے ہر روز نہائے اور گوشت وغیرہ سے پرہیز کرے حصول مدعا اور برآمد حاجات کے لئے مجرب ہے ایضاً۔ جو کوئی واسطے حصول مطلب کے بکثرت درود شریف پڑھے یہ عمل نہایت مجرب ہے ہزارہا بزرگوں کا آزمودہ ہے۔ ایضاً۔ ترکیب ختم صلوٰۃ تنجینا عروج ماہ میں شب جمعہ کو شروع کرے اور جب پڑھنا منظور ہو اس دن روزہ رکھے اور شام کو شیر برنج سے افطار کرے اور غسل کرکے کپڑے پاک مثل چادر وغیرہ کے اوڑھے اور زیر آسمان کھڑا ہو کر ایک ہزار مرتبہ پڑھے گا انشاء اللہ تعالیٰ تین شبوں میں مطلب حاصل ہوگا۔ یہ واسطے برآمد مطلب کے بہت مجرب ہے وہ یہ ہے اللھم صل علی سیدنا محمد صلوۃ تنجینا بھا من جمیع الاحوال والآفات وتقضی لنا بھا من جمیع الحاجات وتطھرنا بھا من جمیع السیئات وترفعنا بھا وتحدث اعلی الدرجات وتبلغنا بھا اقصی الغایات من جمیع الخیرات فی الحیوۃ وبعد الممات ط ایضاً۔ برآمد حاجات کیلئے سوا لاکھ مرتبہ ایک مجلس میں ایک آدمی یا کئی آدمی لیکن آدمی بعدد طاق ہوں آیتہ کریمہ امن یجیب آخر تک پڑھیں جو مشکل پیش آوے گی بہت جلدی آسان ہوگی مجرب ہے ایضاً۔ ترکیب ختم خواجگان حضرت بہاؤالدین نقشبندی اور حضرت بایزید بسطامی اور حضرت خواجہ ابوالحسن خرقانی اور خواجہ عبدالحق غجدانی اور خواجہ احمد سوائی اور خواجہ ابوالمنصور اور خواجہ ہمدانی اور خواجہ بابا سمنانی اور خواجہ محمد نقشبندی خواجہ عبید اللہ احرار نے فرمایا ہے کہ جو شخص اس ختم شریف کو تین روز تک پڑھے گا خدا تعالیٰ ایک ہزار حاجت اسکی روا فرمائیگا ترکیب ختم یہ ہے کہ اول قدرے شیرینی لے کر الحمد ایک بار اور قل ہو اللہ احد تین بار پڑھ کر ثواب اس کا خواجگان ممدوح کو بخشے پھر الحمد سات بار اور درود شریف سو مرتبہ سورۃ کو سوائے درود کے مع تسمیہ پڑھے اور لوبان وغیرہ جلاوے بعدہ اسمائی یعنی ہر ایک اسم کو ایک سو بار پڑھے۔ یا کافی الحاجات۔ یا قاضی الحاجات۔ یا رافع الدرجات۔ یا دافع البلیات

یا مفتح الابواب ۔ یا شافع الامراض یا حل المشکلات ۔ یا مسبب الاسباب ۔ یا مجیب الدعوات یا ارحم الراحمین ۔ اسم ختم شریف کو جس وقت چاہے پڑھے مگر بہتر ہے کہ دوشنبہ یا پنجشنبہ یا جمعہ کو شروع کرے اور اکثر مشائخ نے بعد نماز عصر کے فقیر مؤلف کو پڑھنے کی اجازت دی ہے یہ ختم نہایت مجرب ہے اور برآمد مطلب کے واسطے بارہا آزمودہ ہے اور فقیر مؤلف نے اسکا ورد کیا ہے خدا تعالیٰ نے مشکل آسان کی ۔ ایضاً جو شخص جس مطلب کے واسطے سورہ یٰس کا ختم پڑھے گا خداوند اس کی حاجت برلاوے گا ۔ طریقہ یہ ہے کہ جلسہ ایک یا تین یا پانچ یا سات آدمی باہم مل کر سورہ یٰس ۷ بار بخلوص نیت مسجد میں بیٹھ کر پڑھیں اور قبل شروع سورہ موصوف کے سو بار درود پڑھا جاوے یہ عمل اکثر مشائخین سے منقول ہے اور نہایت مجرب اور اہل حاجت کا آزمودہ ہے :۔

ایضاً جب کسی شخص کو نہایت دشوار مشکلات پیش آویں ۔ تو اس رباعی حضرت ابوالخیر ابوسعید کو اس طرح پڑھے کہ اول وضو کرے اور پھر رو بہ قبلہ ہو کر بیٹھے اور شیر پر فاتحہ پڑھ کر نذر حضرت ممدوح کی کرے پھر درود شریف کو بعد طاق پڑھکر اس رباعی کو ستر بار پڑھے اور اپنے مطلب کا دھیان رکھے ہر مرتبہ بعد رباعی کے یحق شیخ ابوالخیر ابوسعید کہے جب موافق تعداد مذکور کے رباعی پڑھ کر پھر درود شریف پڑھے یہ رباعی اثر یا قاضی الحاجات کا رکھتی ہے اور وہ رباعی یہ ہے :۔ رباعی

یارب بہ محمدؐ و علیؓ و زہراؓ — یارب بہ حسنؓ و حسینؓ و آل عبا

گر لطف برآرہ حاجتم ہر دوسرا — بے منت خلق یا علی الاعلیٰ ۔


ایضاً ۔ یہ نقش تمام اعداد قرآن مجید کا ہے ایک بزرگ نے مؤلف سے فرمایا ہے کہ یہ نقش واسطے جمیع مطالب کے مفید ہے اس کے زکوۃ کے طریقے بہت ہیں لیکن سہل طریقہ یہ ہے کہ اس نقش متبرک کو ہر روز پانچ چلہ چلہ تک تین سو اکاون بار حسب اعداد لفظ قرآن شریف کے لکھ کر آٹے میں گولیاں بنا کر دریا میں ڈال دے ۔ انشاء اللہ تعالیٰ بہ ختم چلہ کے یہ نقش عمل میں آویگا خوشا نصیب اس کے جس کے عمل میں یہ نقش آوے پھر کسی عمل کی اس کو ضرورت نہ رہے کہ ہر ایک نقش ایک اسم کا ہوتا ہے پس کیا عمدہ ہوتا اور کیا مطلب برآری ہوتی ہے برخلاف اس کے یہ اکثر اسما کا نقش ہے پس کیونکر اس سے محروم رہے گا ۔ جب کوئی مہم یا کسی طرح کی حاجت پیش آوے اس نقش کو ۲۰ ہزار ہار ۵۰ بار موافق اعداد اللہ کافی السمٰوات اور قاضی الحاجات کے لکھ کر آٹے میں گولی بنا کر دریا میں ڈالے مجرب ہے اور نقش یہ ہے

۹۰ الم ۲۲۱۲	۲۲ سہ سہ سہ ۹۰	۹۰ الم ۲۲۵۰	۶ سہ سہ سہ ۹۰
سہ ا سہ سہ سہ ۹۰	۹۰ الم ۲۳۱۲	۸ ا سہ سہ ۹۰	۹۰ الم ۲۳۲۱
۹۰ الم ۲۲۱۳	سہ ا سہ سہ سہ ۹۰	۹۰ الم ۲۲۲۱	۶ ا سہ سہ ۹۰
سہ ا سہ سہ سہ ۹۰	۹۰ الم ۲۲۱۵	سہ سہ سہ سہ ۹۰	۹۰ الم ۲۲۱۶

ایضاً ترکیب نقش سورہ اخلاص یہ ہے کہ جمعرات کے دن عروج ماہ تک اور تاریخ طاق روزہ رکھے اور پھر رات کو غسل کر کے اور شیرینی پر فاتحہ موکلوں کی دے اور عود

لہ ہ یا ع ص ح ص س ق

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم



خوشبو کے لئے جلادے اور اول وآخر درود شریف چودہ
چودہ بار اور سورہ اخلاص چار سو بار پڑھکر لکھے مطلب
پورا ہوگا۔ ایضاً جب کسی کو حاجت کوئی ہو تب کو
پڑھے خواص اس کے بہت ہیں لیکن چند لکھتا ہوں اول یہ
ہے کہ جو مہم پیش آوے چالیس روز تک بلا ناغہ چالیس بار اور
دوسرا یہ کہ ہلاکی دشمن کیلئے اکیس بار اکیس دن تک پڑھے
اور تیسرا یہ ہے کہ بجہت علم نجوم انتیس بار پڑھے (۴) واسطے
غنا کی ہر روز دس بار پڑھے اور پانچویں بجہت دفع تپ
لرزہ کے چینی کی رکابی میں لکھ کر بیمار کو پلاوے اور (۶) بجہت
سلامتی عیال و اطفال و مال کے ہر روز پانچ بار پڑھے اور
واسطے بیماری کے دفع کرنے اور نظر بد اور سحر کے نقش اس آیۃ
کریمہ کا لکھکر گلے میں۔ ایضاً نقش سورہ فاتحہ کا واسطے جمیع
حاجتوں کے اکتالیس روز تک ۲۳۲ نقش ہر روز آٹے
میں گولی بنا کر دریا میں ڈالے مدعا حاصل ہوگا اور
واسطے شفا امراض کے کاغذ یا چینی کی رکابی پر
لکھ کر مریض کو دھو کر پلاوے۔ نقش یہ ہے

۸	۲۶۷۰	۴۶۷۴	۵۸۴	۵۵۱۵	۵۵۳۸	۵۵۴۹	۵۵۲۱
۲۶۷۰	ے	۳	۴۶۷۷	۵۵۴۶	۵۵۵۱	۵۵۲۶	۵۵۴۷
۶	۴۶۷۴	۴۶۶۴	۳	۵۵۴	۵۵۴۳	۵۵۵۵	۵۵۳۶
۴۹۷۹	۴	۵	۵۳۴	۴۶۷۳	۵۵۵۹	۵۵۲۹	۵۵۲۴

فصل دوم عملیات اور تعویذات وسعت رزق کے بیان میں

جو کوئی شخص وسعت رزق اور طلب جاہ وعزت کے لئے اس آیت کو ہزار بار توجہ دل سے پڑھے رزق اسکا غیب سے وسیع ہو آیہ کریمہ یہ ہے قولہ تعالیٰ اللّٰہُ لَطِیْفٌ بِعِبَادِہٖ یَرْزُقُ مَنْ یَّشَآءُ وَھُوَ الْقَوِیُّ الْعَزِیْزُ
ایضاً۔ اگر کوئی شخص وقت چاشت کے چار رکعت بہ نیت چاشت پڑھے پہلی رکعت میں بعد الحمد کے سورہ والشمس پڑھے اور دوسری رکعت میں سورہ واللیل تیسری رکعت میں سورہ والضحیٰ پڑھے اور چوتھی رکعت میں الم نشرح پھر سلام پھیرے اور گیارہ بار درود شریف پڑھے۔ پھر پندرہ بار اذا جآء اور بعد اسکے پانصد بار یا باسط پڑھے اور پھر سجدہ کرے اور ہاتھ مثل دعا مانگنے کے پھیلاوے اور یہ دعا پندرہ بار کہے یا باسط الذی یبسط الرزق لمن یشاء بغیر حساب۔ اور سجدے سے سر اٹھائے اور گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھے اس عمل کو چالیس روز برابر پڑھے اور پنجشنبہ عروج ماہ میں شروع کرے نہایت مجرب ہے۔ ایضاً خواجہ بہاؤالدین قدس سرہ سے منقول ہے کہ جو کوئی سورہ الم ترکیف بعد نماز ظہر کے اکیس مرتبہ پڑھے گا رزق غیب سے پائے گا۔ ایضاً واسطے فتوحات

کے چاہیئے کہ ماہ صفر کے آخری چہار شنبہ کے دن دریا یا حوض میں غسل کرکے پھر کھڑے ہوکر تراسی بار یا باسط پڑھے یہ سہل طریقہ اور بزرگان طریقت سے اور بھی طریقے منقول ہیں اس رسالہ میں بسبب طوالت کے نہیں لکھے۔ ایضاً۔ واسطے ترقی رزق اور جمعیت ظاہری اور باطنی کے عروج ماہ میں جمعرات کے دن روزہ رکھے اور بعد نماز فجر کے غسل کرے اور دو رکعت بہ نیت صلوٰۃ الحاجات پڑھے اور ہر رکعت میں بعد الحمد کے آیۃ الکرسی ایک بار اور سورہ اذا جاء پچیس بار پڑھکر سلام پھیرے اور درود شریف تین سو بار کلمہ تمجید پڑھے اور ایک سو چوالیس بار اسم یا وھاب پڑھے روزہ شیر برنج سے افطار کرے علی ھذا القیاس چوالیس جمعرات تک یہ عمل کرے اور بعد ختم عمل کے ہر روز بعد نماز عشا ایک ہزار بار (۱۰۰۰) چار سو بار (۴۰۰) پڑھا کرے اور ہر روز بوقت نماز پڑھنے کے ایک تہ بند باندھا کرے اور اس تہ بند کو دوسرے کام میں نہ لاوے۔ ایضاً اسم یا مغنی ایک ہزار بار ایک سو بار بعد ہر نماز کے اور اکتالیس بار سورہ مزمل پڑھے۔ اور اسی بار نہ پڑھ سکے تو گیارہ بار پڑھے غنی ہو جاوے پھر کبھی محتاج نہ ہو مجرب ہے۔ ایضاً جو کوئی سورہ واقعہ ہر شب ایک بار پڑھے ہرگز رنج فاقہ نہ اٹھاوے چند روز میں غنی ہو جاوے:۔ ایضاً واسطے کشائش رزق اور دفع محتاجی کے اس نقشہ کو نگینہ پر کھدوا کر اپنے پاس رکھے نہایت مجرب ہے اھل لا انت البقرۃ (۱۱ حرف حا:۔ ترکیب ختم بسم اللہ کی یہ ہے کہ اول شرف آفتاب میں ہر دو نقش بسم اللہ باطہارت لکھے اور ہر روز ۷۸۶ بار کہ عدد بسم اللہ کے ہیں سات دن تک پڑھے۔ جو مشکل ہو گی آسان ہو گی ہر روز بعد درود کے ایک سو تین بار پڑھے مستجاب الدعوات اور متوسع رزق ہوگا اور کوئی شخص اس پر غالب نہ ہوگا اور کشائش ہر روز زیادہ ہوگی اور اس مربعہ کو ۱۰ روز باطہارت اپنے پاس رکھے مگر خوشبوے معطر رکھے اس نقشہ کے بہت فائدے ہیں اس مختصر رسالہ میں بسبب طول کے نہیں لکھے گئے کسی شاعر نے کیا خوب لکھا ہے:۔ ؎

خوش بخواں اے یار بسم اللہ را — ہر چہ مے خواہی ز بسم اللہ جو

جو چاہے کہ دو مربعے لکھے ایک مضمر ایک مظہر پشت مضمر پر لکھے صورت مربعہ یہ ہے:۔

بسم	اللہ	الرحمٰن	الرحیم
الرحیم	الرحمٰن	اللہ	بسم
اللہ	بسم	الرحیم	الرحمٰن
الرحمٰن	الرحیم	بسم	اللہ

۱۲۹	۳۰۳	۱۹۹	۱۹۴
۲۰۰	۱۹۵	۱۹۰	۳۰۱
۱۹۳	۱۹۷	۳۰۳	۱۹۱
۳۰۳	۱۹۶	۱۹۳	۱۹۸

ایضاً۔ جان لو کہ قرآن مجید میں ایک سو تیرہ بسم اللہ ہیں اور جملہ حروف اُن کے دو ہزار ایک سو چھیالیس ہیں اور کل اعداد ان کے اٹھاسی ہزار ایک سو ہیں۔ نقش اُن کا لکھ کر اپنے پاس رکھے ترقی رزق ہو اور بیمار باندھے تو شفا پائے اگر صدق دل سے ہر روز دیکھے گا عزیز خلائق ہوگا اور اسناد اس کے بہت ہیں اس مختصر میں گنجایش نہیں۔ نقش مکرم اگلے صفحہ پر دیکھو۔

ایضاً واسطے وسعت رزق کے یہ نقش لکھ کر دیوا پر لگائے ……

۱۲	۱۱	۱۰	۷
۱۱	۸	۱	۴
۱۵	۱۰	۱۵	۳
۱۶	۱۴	۶	۹

۲۲۳۰۴	۲۲۳۰۷	۲۲۴۰۷	۲۲۱۸۸
۲۲۲۰۹	۲۲۱۹۴	۲۳۴۰۷	۲۲۳۰۸
۲۲۱۵۱	۲۲۳۱۴	۲۲۳۰۵	۲۲۳۰۲
۲۲۳۱۰	۲۲۴۱۱	۲۲۲۰۷	۲۲۲۱۱

ایضاً جس دوکان پر سودا کم بکتا ہو اس نقش کو دکان پر لگادے نقش یہ ہے:……

۷	۳	۶	۴	۶	۶	۱
۴	۳	۲	۶	۲	۶	۳
۱	۶	۲	۶	۱	۶	۶
۱	۴	۷	۶	۲	۳	۷
۲	۲	۶	۶	۶	۴	۲
۲	۲	۶	۶	۶	۲	۶
۵	۶	۲	۶	۶	۴	۲

۷۶	۸۰	۸۲	۶۹
۱۱	۷۶	۷۵	۸۱
۷۱	۷۵	۷۸	۸۴
۷۹	۷۳	۷۲	۸۴

ایضاً - جوکوئی اس تعویذ کو لکھ کر اپنے پاس رکھے رزاق مطلق اسکو غیب سے رزق دے روز بروز ہو……

ایضاً - طریقے زکوۃ اسماء حسنیٰ کے بہت ہیں لیکن سہل طریقہ یہ ہے کہ ہر روز نماؤیں روز تک بخلوص نیت پڑھے اور ہر اسم شریف میں یا کا لفظ ملادے اور گوشت وغیرہ سے پرہیز کرے زکوۃ تمام ہوئی اور یہ طریقہ واسطے کشایش رزق کے مفید ہے جو کوئی اس نقش کو اپنے پاس رکھے گا رزق غیب سے ملیگا عزیز خلائق ہوگا نقش یہ ہے

۲۲۶۱	۲۲۹۴	۲۲۷۵	۲۲۹۷
۲۲۹۶	۲۲۸۹	۲۲۹۱	۲۲۸۲
۲۲۹۳	۲۲۲۴	۲۲۹۲	۲۲۸۲
۲۲۹۰	۲۲۹۵	۲۲۳۵	۲۲۹۲

جدول دیکھو اگلے صفحہ پر

جدول اسمائے حسنیٰ مروجہ معتبرہ بحساب ابجد درج رسالہ ہذا ہے اس میں حال لکھا ہے

حروف ابجد	اسمائے حسنیٰ	اور اعداد	معنے	خاصیت	تعداد عدد	نتائج	طبائع	بخور	بروج	منازل	کوکب	جن	موکل
الف	اللہ	۲۶	خدا	جلالی	۱۰۰	مودت	گرم	عود سیاہ	حمل	شرطین	زحل	نیویوش	اسرافیل
ب	باقی	۱۱۳	ہمیشہ رہے	جمالی	۱۰۰	محبت	کلب	شکر	جوزا	بطین	مشتری	روبوش	جبرئیل
ج	جامع	۱۱۴	جمع کرنے والا	مشترک	۶۰	محبت	یابس	دارچینی	سرطان	ثریا	مریخ	نونوش	سکائیل
د	دیان	۶۵	معاف کرنے والا	جلالی	۴۲	عداوت	گرم	صندل سفید	حمل	مقعہ	زہرہ	ہوبش	دردائیل
ہ	ہادی	۲۰	راہ دکھانے والا	جمالی	۱۰۰	عداوت	”	”	”	”	”	”	”
و	ولی	۴۶	مددگار	”	۲۰۰	محبت	رطب	کافور	جوزا	”	عطارد	یویوش	اقمائیل
ذ	ذاکی	۳۷	پاک کرنے والا	مشترک	۷۱	”	خشک	شہد	سرطان	زاع	”	”	”
ح	حق	۱۰۸	خداوند سزاوار	”	۳۰۰	بغض	تر	زعفران	جدی	نثرہ	قمر	کایوش	ترقائیل
ط	طاہر	۲۱۵	پاک کرنے والا	جلالی	۴۲	عقد شہوت	گرم	خشک	حمل	طرقہ	زحل	عبوش	تنکفیل
ی	یٰس	۷۱	بزرگ	جمالی	۱۰۰	فتح زحل	تر	گلسرخ	میزان	علبیہ	مشتری	بدیوش	اسمعیل
ک	کافی	۱۱۱	تحقیق کرنے والا	”	۲۰۰	محبت	خشک	”	عقرب	زہرہ	مریخ	مہیوش	مراکائیل
ل	لطیف	۱۲۹	باریک بین	”	۴۲	جدائی	بارہ	پوست سیب	ثور	عرقہ	شمس	تدیوس	تزودائیل
م	ملک	۹۰	بادشاہ حقیقی	”	۹۰	محبت	گرم	آبی	اسد	عوار	زہرہ	عدیوس	طاطائیل


حروف ابجد	اسماء الحسنی	اعداد تعداد	معنے	خاصیت	تعداد عدد	نتائج	طبائع	بخور	بروج	منازل	کوکب	جن	مؤکل
ن	نور	۲۵۶	روشن کرنے والا	جمالی	۷۲	بغض	تر	سنبل	میزان	ساک	قمر	وطیوس	جولائیل
س	سمیع	۱۸۰	سننے والا	مشترک	۵۰۰	عقد شہوت	خشک	خوشبو کہربا	قوس	نفرا	زحل	نغیوش	بموائیل
ع	علی	۱۹۰	بلند مرتبہ	جلالی	۳۲۰	تونگری	سرد	فلفل سفید	سنبلہ	ربانا	مشتری	فینوس	لومائیل
ف	فتاح	۴۷۹	کھولنے والا	جمالی	۷۲	عداوت	گرم	جو	اسد	اکلیل	مریخ	لیطبوس	محائیل
ص	صمد	۱۳۴	بے پرواہ	جلالی	۲۰۰	الفت	تر	بسار	میزان	قلب	شمس	فلایوس	محمائیل
ق	قادر	۳۰۵	قدرت	مشترک	۳۰۰	عقد شہوت	خشک	ترنج	حوت	شعلہ	زہرہ	شمیوش	عطرائیل
ر	رب	۲۰۲	پروردگار	جلالی	۷۲	مودت	سرد	گلاب	سنبلہ	لابد	عطارد	مربوش	اموائیل
ش	شفیع	۴۶۰	شفاعت قبول کرنے والا	”	۳۷۲	عداوت	گرم	عود سفید	عقرب	بدھ	قمر	تشولیش	ہمرائیل
ت	تواب	۴۰۹	توبہ قبول کرنے والا	جمالی	۳۰۰	عقد نوم	تر	عنبر	دلو	سعد ذابح	زحل	اہلیوش	عزرائیل
ث	ثابت	۹۰۲	قیوم	جلالی	۴۰۰	بغض	خشک	عود سفید	حوت	سعد بلع	مشتری	تلمیوش	میکائیل
خ	خالق	۷۳۱	پیدا کرنے والا	مشترک	۷۰۰	محبت	سرد	بنفشہ	جدی	سعد السعود	مریخ	ولایوش	مہکائیل
ذ	ذاکر	۹۳۱	یاد کرنیوالا	”	۷۹	بغض	گرم	ریحان	قوس	ماقبہ	شمس	للکایوش	ہرطائیل
ض	ضار	۱۰۰۱	ضرر رساں	جلالی	۷۲	”	”	گل اخواں	دلو	مقدم	زہرہ	غایلوش	عطرائیل
ظ	ظاہر	۱۰۰۶	آشکارا	”	۲۵	عداوت	خشک	گل نسرین	حوت	مؤخر	عطارد	عفوپوش	نونائیل
غ	غفور	۱۲۸۶	بخشنے والا	جمالی	۲۰۰	امراض صحت	”	قرنفل	”	رسا	قمر	عرفیوش	نوحائیل

فصل حب کے عملیات اور تعویذات کے بیان میں

حضرت مولانا مولوی اصغر قدس سرہ نے اپنے مجربات میں لکھا ہے کہ جو کوئی کسی کو عاشق اور دیوانہ بنانا چاہے بروز جمعہ عروج ماہ میں اس عمل کو شروع کرے ہر روز چالیس یا چالیس روز تک پڑھے از ابتدا تا انتہا مطلوب کا دہیان رکھے گویا کہ سامنے موجود ہے واسطے حب کے سریع التاثیر ہے بشرطیکہ نیت حرام کی نہ ہو۔ انشاء اللہ تعالیٰ بہت جلد مطلب حاصل ہوگا اور گوشت وغیرہ سے پرہیز ضروری ہے عمل یہ ہے بسم اللہ الرحمٰن الرحیم بحرمت جبرائیل اسرافیل وتوریت موسیٰ وانجیل عیسیٰ و فرقان محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ۔ ایضاً جو کوئی چالیس روز تک بعد نماز پنجگانہ کے سورہ واللیل کو ایک بار دانہ فلفل سفید پر پڑھ کر جاویگا اگر اس کا مطلوب سو کوس پر ہو گا بہت

جلد مطلب حاصل ہوگا اور گوشت وغیرہ سے پرہیز ضروری ہے عمل یہ ہے بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم بحرمت جبرائیل اسرائیل و توریت موسیٰ و انجیل عیسیٰ و فرقان محمد صلی اللہ علیہ و آلہٖ وسلم ایضاً جو کوئی چالیس روز تک بعد نماز پنجگانہ کے سورہ واللیل کو ایک بار دانہ فلفل سفید پر پڑھکر جلا دیگا اگر اُس کا مطلوب سو کوس پر ہوگا بہت جلدی حاضر ہوگا۔ ایضاً۔ جو کوئی چاہے کہ فلاں شخص فلاں شخص کا مطیع ہو سات کیلیں آہنی کو ہر ایک بمقدار ایک انگشت ہو لیکر ہر ایک پر ایک بار سورہ یٰسین پڑھ کر دم کرے اور کہے سوختم دل و جان فلاں ابن فلاں اور بجائے فلاں ابن فلاں کے مطلوب اور اسکی ماں کا نام لے اور ان کیلوں کو چولہے میں گاڑ دیوے اور آگ جلاوے جب کیلیں گرم ہونگی مطلوب دیوانہ ہو کر حاضر ہوگا ایضاً۔ جو کوئی چاہے کہ کسی کو اپنے عشق میں مبتلا کرے اس آیت کو آیت محبت کہتے ہیں ۷ وہ مرتبہ شب جمعہ کو پڑھے اور شیرینی یا میوہ یا چیز کہ مطلوب کو پسند ہو اس پر دم کرے اور جس کو وہ کھلا دے گا وہ بیشک عاشق ہوگا۔ دوسری ترکیب یہ ہے کہ ہر روز چالیس بار شیرینی یا اور کسی چیز پر دم کرکے کھلا دے گا تو طرح طرح کے فائدے اُٹھاویگا وہ آیت یہ ہے یحبونھم کحب اللّٰہ والذین امنوا اشد حبا للّٰہ اس طلسم کو نیک وقت سعد کے لکھے اور اُسکو جانب شرق مطلوب کے گھر میں لٹکاوے تاکہ ہوا اس کو ہلاوے وہ یہ ہے ع‌ل‌ل‌ل‌ل

٧٧١١٢٤٩٠٣٢١٥١٥ ااا ایضاً واسطے محبت کے اس عزیمت کو مرغ کے انڈے پر لکھ کر آگ میں دفن کرے مطلوب مثل کتے کے پیچھے طالب کے پھریگا عزیمت یہ ہے ١١٣١١١١٣١٣٢ اسم فلاں علی حب فلاں الساعۃ ااا لوحا العجل العجل العجل۔ ایضاً واسطے محبت کے اس آیت کو پان پر لکھے یا دم کرے جس کو کھلا دیگا وہ اس کا دیوانہ ہوگا فَسَیَکْفِیْکَھُمُ اللّٰہُ وَھُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ ایضاً خاک زیر پائے مطلوب اور اپنے بائیں پیر کی خاک لے کر اس آیت کو سات بار پڑھے اور خاک کو کپڑے میں باندھکر طالب اپنے پیر سے دبا دے انشاءاللہ تعالےٰ مطلوب بہت دیوانہ ہوگا اور برہنہ پا حاضر ہوگا اور وہ آیت یہ ہے ھو الذی خلق السموت والارض فی ستۃ ایام نقش کو مٹی کے پیالے پر لکھے اور اس کو پانی میں ڈالے اور سات دن تک یہ عمل کرے انشاءاللہ تعالیٰ دشمن دوست بن جاویگا وہ نقش مکرم یہ ہے۔ ایضاً جو کوئی یہ تعویذ لکھ کر اپنے پاس رکھے گا جس شخص کے پاس جائیگا



٣٧	٧٦	٣٩	٦٩
٣٨	١٧	٢٣	٣٧
٨٤	٤١	٤٢	٢١
٢٥	٣٠	١٩	٣٠

وہ اس کی عزت کریگا اور ہر ایک کے دل میں اُس کی محبت ہوگی نقش یہ ہے۔ ایضاً واسطے حب کے یہ نقش سورہ اخلاص کا چار طرح پر کیا جاتا ہے اول یہ کہ لکھ کر انار کے درخت میں لٹکا دے جب ہوا سے ہلے گا۔ مطلوب فرط محبت سے بیقرار ہوگا دوسرے صحرا میں دفن کرے تیسرے نقش آٹے میں گولی بنا کر علی الصبح ۲۱ دن دریا میں ڈالے چوتھے اس نقش فتیلہ کرے اور شمع فتیلہ کا خانہ مطلوب کی جانب کرکے ۲۱ روز تک بلا ناغہ جلاوے مطلوب بیقرار ہوگا مجرب ہے

اگلے صفحہ پر ملاحظہ فرماویں

قل	هو	الله	احد
الله	الصمد	لم	یلد
ولم	یولد	و	لم
یکن	له	کفوا	احد

ایضاً واسطے حب کے اس نقش کو فتیلہ بنا کر روغن کنجد میں جلاوے انشاء اللہ مطلوب حاضر ہو جائیگا وہ یہ ہے:

ایضاً واسطے حب کے اس نقش کو لکھ کر مطلوب کے گھر میں دفن کرے وہ نقش مکرم یہ ہے ۔۔۔۔

۱۰	۱۵	۶	۵
۱۱	۹	۶	۱۹
۷	۱۸	۱۲	۱۸

ایضاً اس نقش کو کورے سکورے یا نعل اسپ پر لکھ کر آگ میں ڈالیں فلان علی ابن فلان کے نام طالب اور مطلوب کا اس کی ماں کا لکھے وہ یہ ہے ۵۵۵۱۱۱ح۱۱۸۳۰۳۰۹۱۱۱و۱۱۹۱ء

ایضاً جب کسی شخص کی باہمی کھٹ پٹ ہو جائے تو جلدی اس نقش کو ساعت نیک میں مشکی گھوڑی کی نعل میں کندہ کرکے آگ میں ڈالے مطلوب بیقرار ہو کر حاضر ہوگا:—


۱۱۶ سحر ۳۰ ۱۰۹۰۳۰۵۲ ۴۳۸/۱۹۱۱۱۱


۱۱۱۹۱۱۱۳۴۵۲ و ۴۹ ۱۱ س ۵ س

فصل ۴ عملیات اور تعویذات بغض میں

اخی الکرم مولانا مولوی محمد اصغر رحمۃ اللہ نے فرمایا ہے کہ سات کنکر نمک پھر لے کر ایک کنکری پر اس آیت کو معہ بسم اللہ پڑھے اَوَلَمْ یَرَ الْاِنْسَانُ اَنَّا خَلَقْنٰہُ مِنْ نُطْفَۃٍ فَاِذَا ھُوَ خَصِیْمٌ مُّبِیْنٌ۔ پھر عداوت عظیم پیدا ہوگی ایضاً جو کوئی چاہے کہ دو شخصوں میں عداوت پیدا ہو والقینا بینہم العداوۃ والبغضاء الی یوم القیامۃ بعد ہر نماز کے ستر بار پڑھے اور بعد ہر دہائی کے نام اس شخص کا لے

ایضاً۔ اگر کوئی شخص چاہے کہ دو شخصوں کے درمیان عداوت ہو جائے تو کپڑا پہنا ہوا اس شخص کا لیکر اس پر یہ نقش لکھے اور نام اس شخص کا اور اس کی ماں کا بھی لکھے اور آگ میں ڈالے وہ نقش یہ ہے:—





۵ ۸۸۸۸۸۸۸۸۸ ع

ولا حول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم

ایضاً اگر کوئی شخص چاہے کہ درمیان دو شخصوں کے جدائی پیدا ہو چالیس روز تک ایک ایک سنگریزہ سفید پر انا اعطینا پڑھ کر دم کرے اور سنگریزہ مذکور کو اس کے گھر میں ڈالے جدائی ہوگی

ایضاً واسطے عداوت کے یہ ختم مجرب ہے بعض بزرگوں نے فقیر مؤلف کو اجازت دی ہے کہ سورہ یٰس کو اول اس طرح کہ اول اکتالیس بار سورہ فاتحہ پڑھے پھر یٰس شروع کرے جب لفظ مبین اول پر پہنچے کہے سورہ یٰسین اور اس آیت کو پڑھے دابر القوم الذین ظلموا والحمد للہ رب العالمین اور ہتھیلی زمین پر مارے اور نام اس کا لیوے اور تین بار آمین کہے اور ابتدائے سورہ سے شروع اور جب دوسری مبین تک پہنچے موافق پہلی دفعہ کے کرے یہاں تک کہ سورہ مذکور تمام کرے اول آخر اس آیت کے درود پڑھے۔ ایضاً واسطے خرابی عدو کے اس طلسم کو لکھ کر دشمن کے گھر میں دفن کر دے وہ یہ ہے: ع ۵ ایضاً واسطے ہلاکی دشمن کے سورۃ تبت کو کوری اینٹ پر ہر روز چالیس روز تک لکھے اور نیچے نقش کے لکھ دے کہ فلان ابن فلان بجائی فلان کے نام دشمن کا اور بجائی ابن فلان کے

حسبی ربی	فی حبیبی	جلالہ سبحانہ	وارث بہ	وارث سبب	یا رب	سلطان	و یا سبب
فی حبیبی	جلالہ سبحانہ	وارث بہ	وارث سبب	یا رب	سلطان	و یا سبب	یا عشہ
جلالہ سبحانہ	وارث بہ	وارث سبب	یا رب	سلطان	و یا سبب	یا عشہ	یا غنی
وارث بہ	وارث سبب	یا رب	سلطان	و یا سبب	یا عشہ	یا غنی	و سبب
وارث سبب	یا رب	سلطان	و یا سبب	یا عشہ	یا غنی	و سبب	سبب
یا رب	سلطان	و یا سبب	یا عشہ	یا غنی	و سبب	سبب	ربی
سلطان	و یا سبب	یا عشہ	یا غنی	و سبب	سبب	ربی	بہ
و یا سبب	یا عشہ	یا غنی	و سبب	سبب	ربی	بہ	سبب

نام اس کے باپ کا یا ماں کا لکھے اور اینٹ مذکور کو کوئیں میں ڈال دے انشاء اللہ تعالیٰ دشمن بہت جلدی خراب ہوگا یا مرجائیگا وہ نقش مکرم یہ ہے:۔

۷۸۶



ایضاً واسطے خرابی دشمن کے اس نقش مکرم کو زمین میں دفن کرے وہ یہ ہے:۔

۳۶	۵۵	۳۰	۲۳
۳۹	۲۳	۸۵	۲۰
۳۰	۲۲	۵۷	۵۲
۵۸	۵۴	۲۶	۲۱

ایضاً اس نقش کو تین روز تک لکھ کر پانی میں کھول کر جس شخص کو پلا دے دل اس کا پھر جاوے اور قبل پلانے کے ستر بار یہ والقینا بینھم العداوۃ والبغضاء الی یوم القیامۃ

فصل زبان بندی میں

ایک ڈورہ نابالغہ سے کتوا کر اس پر سورہ یٰس تین بار پڑھے اور ہر مبین پر گرہ دیوے اور وقت گرہ دینے کے زبان کو دانتوں میں دبا دے اور اس ڈورے کو دشمن کی چوکھٹ کے نیچے دفن کرے دشمن کا منہ بند ہو جائیگا۔

ایضاً۔ اس آیت کریمہ کو ہر روز ہزار بار پڑھے اللہ لطیف بعبادہ یرزق من یشاء وھو القوی العزیز

ایضاً زبان بندی کا یہ عمل مجرب ہے اس آیہ کریمہ کو لکھ کر بھاری پتھر کے نیچے دبادے فسیکفیکھم اللہ وھو السمیع العلیم ۲۶ ص ۳ و ۲ ھ صم بکم لھینطقون ۔ ایضاً۔ اس طلسم کو نیچے زبان کے رکھے ۶۹، ۱۱ ا ۱۱ ۵۹ ا ۵ ا طط ۹ ۱۱۱۱ ہم دشمن کی زبان بند ہو جاویگی:۔

ح	م	ع	س	ق
س	ف	ح	م	ح
م	ع	س	ق	ح
ق	ح	م	ع	س
ع	س	ق	ح	م

ایضاً۔ واسطے زبان بندی کے اس نقش کو چاندی میں کندہ کرکے انگشتری بناوے جب کسی امیر یا دشمن کے پاس جاوے انگوٹھی پہنے زبان دشمن کی بند ہو جاوے گی اور امیر اس پر مہربان ہوگا مجرب ہے

ایضاً واسطے زبان بندی کے اس نقش کو لکھ کر موم جامہ کرکے دریا میں رکھ کر کوئی بھاری چیز اس پر رکھ دے کہ بجائے نقش یہ ہے

رعد	۱۱ اور	۱۴۵	س ہو	
ھ ۱۴	س ۱	۲ و	۱۳ و	
ھ ط	فلاں	عہ	ح ۴	
ن ۹	۱۱	عہ	۶۱۵	

فصل خواب بندی میں

سورہ والناس کو وقت شب پڑھے اور ایک چھری زمین پر گاڑ دے ہر لفظ ناس پر چھری گاڑتا جاوے جب چھری زمین میں گھس جاوے تب اس آیت کو پڑھے اور اس پر دم کرے وہ یہ ہے انک میت وانھم میتون۔

اور چھری کو تین روز سے زیادہ زمین میں نہ رکھے اور جو چاہے کہ خواب کھلے اور چھری کو زمین سے نکالے اور سورہ

نصر کو پڑھے - ایضاً واسطے خواب بندی کے یہ سورہ ایک کاغذ پر لکھے اور میخ فولاد کو درمیان کاغذ کے لکھ کر اوپر سے ٹھونکے کر کاغذ میں گھس جاوے پھر سوراخ کو چوراہے کی خاک سے بند کرے مجرب ہے وہ یہ ہے بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ۔ عقدت نوم فلان بن فلان بحق الحمد للہ عقدت نوم فلان بن فلان بحق رب العالمین عقدت راسہ بحق عقدت شعرہ بحق الرحمٰن الرحیم عقدت یمینہ بحق مالک یوم الدین عقدت اذنیہ بحق ایاک نعبد وایاک نستعین عقدت وجہہ بحق اھدنا الصراط المستقیم عقدت ھدیہ بحق صراط الذین عقدت قلبہ بحق انعمت علیہم عقدت فرجہ بحق غیر المغضوب علیہم عقدت مافیہ بحق ولا الضالین وحلبہ بحق آمین عقدت فراہ وسکوتہ باللہ علیکم باللہ عن وحل عقدت النوم فلان ابن فلان علی حب فلان ابن فلان ۔ ایضاً واسطے خواب بندی کے اس طلسم کو لکھے ۱۱۷ ۹۳۸۶۲۲۲۳ النوم لہ النوم - ایضاً واسطے خواب بندی کے اس تعویذ کو لکھ کر جہاں پر وہ شخص سوتا ہو وہاں دفن کرے :-

۳	۵	۲
۶	۴	۸
۴	۸	۶

ایضاً واسطے خواب بندی کے اس نقش کو لکھے مجرب ہے وہ نقش یہ ہے

۷۸۶


۸	۳	۲	۱
۳	م	یلہ	۳
۵	۶	۲	۱
۵		عصہ	۲

فصل

جو کوئی چاہے تلوار اور چھری وغیرہ دشمن کی مجھ پر کند ہو جاوے تو اتوار کے دن موافق شرائط مذکورہ بالا یعنی ساعت وغیرہ دیکھ کر یہ تعویذ لکھے مگر اول بکری وغیرہ کی گردن باندھکر امتحان کرے تاکہ شک رفع ہو الھم الھم ۔ ایضاً واسطے تیغ بندی کے جو کوئی سکل کو قبضہ شمشیر باندھے گا جس شخص سے مقابلہ کریگا ہرگز زخم دشمن سے مجروح نہ ہوگا ع ادا ۱۱۱۲ حمعع یہ شکل مجرب ہے لیکن جملہ شرائط سے دشوار ہے ۔ عددیح ابار واسطے تیغ بندی کے دن لکھ کر اپنے پاس رکھے جب کوئی دشمن تلوار مارے گا اثر نہ کرے گی اول جب لکھے تو امتحان کرلے ۔ الھم ۹۲۷ ا واسطے تیغ بندی کے تلوار نیزہ یا بندوق پر باندھکر دشمن کے ہو اس کی تلوار وغیرہ کند ہوجائیگی اور غالب ہوگا اور جو کوئی افسر فوج اپنے جھنڈے پر اس نقش مکرم کو لکھے گا ۔ جدہر وہ جھنڈا ہوگا ادہر فتح ہوگی اور دشمن ہرگز مقابلہ پر نہ ٹھیرے گا مگر باطہارت اس کو عمل میں لاویگا ۔ . . . .

ایضاً جو کوئی اس نقش کو لکھ کر اپنے پاس رکھے گا زخم تلوار اور نیزہ اور بندوق وغیرہ سے محفوظ رہے گا اول امتحان کرلے وہ نقش مکرم یہ ہے :-

لک	فتحنا	انا
فتحا	لک	فتحنا
مبینا	فتحا	لک
مبینا	مبینا	فتحا



فصل عملیات اور تعویذات اور حاضر ہونے غائب میں

اگر کوئی شخص غائب ہو جائے اور بلانا اس کا منظور ہو تو درمیان سنت اور فرض نماز فجر کے اکتالیس بار سورہ فاتحہ پڑھے انشاء اللہ تعالیٰ بہت جلد فائدہ ہوگا غائب حاضر ہوگا - مجرب ہے بہت لوگوں کا آزمودہ ہے ایضاً جو کوئی چاہے غیب کو خواب میں دیکھے اس کا حال معلوم کرے یا اور کوئی اپنا مطلب دریافت کرے تو یہ عمل بطور استخارہ کے

صدق دل سے پاک کپڑا پہنے اور وضو کرے اور قبلہ رو دہنی کروٹ پر لیٹے اور سورہ والشمس اور والضحیٰ اور سورہ واللیل اور الم نشرح اور سورہ والتین اور سورہ اخلاص ہر ایک کو سات مرتبہ پڑھ کر اس کے بعد اس دعا کو پڑھے اللھم فی منامی کذا لک واجعلنی امری حرجا و محرجا او فی منامی ما ستبدل لبہ اجابتہ دعوتی اور بجائی کذا کے اپنے مطلوب کو کہے اگر پہلی رات میں مدعا معلوم ہو جائے فہو المراد والا سات راتوں تک اسی طرح عمل کرے ان شاء اللہ تعالیٰ سات راتوں سے زیادہ نہ بڑھے گا کہ حال کھل جائیگا یہ عمل نہایت مجرب ہے ایضاً اس نقشے کو چرخے کے اوپر باندھے اور کنواری لڑکی سات مرتبہ چرخے کو پھیراوے اُس کے بعد چرخے کو آسمان کی طرف سیدھا کھڑا کردے اور گیا ہوا خدا کے فضل سے آپہنچیگا نقش یہ ہے . . . .

۱۵۲	و ہ	عہ و
دوا	۵۱	۱۵"
برسد ئے	راجہ کا	۱عدہ

فصل ۹ بھاگے ہوئے کے بیان میں


اگر کوئی مثل لونڈی یا غلام یا جانور وغیرہ بھاگ گیا ہو اور اس کا دریافت کرنا منظور ہو کہ کس طرف بھاگا ہے تو اگر ہفتہ کے دن بھاگا ہے مشرق کی طرف تلاش کرنا چاہیئے اگر پیر کے دن بھاگا ہے جانب پچھم تلاش کرنا چاہیئے اگر جمعہ کو بھاگا ہے جانب دکن تلاش کرنا چاہیئے

ایضاً۔ جس شخص کا غلام بھاگ گیا ہو یا جانور بھاگ گیا ہو تو اس گردنامہ کو لکھ کر اپنے ہاتھ سے درخت پر لٹکا دے کہ ہوا سے ہلے گا بھاگا ہوا جلدی آجاوے گا . . . .



ایضاً۔ اس طلسم کو لکھ کر چرخ میں باندھ کر گھما دے انشاء اللہ تعالیٰ مفرور حاضر ہوگا طلسم مذکورہ یہ ہے ۳۰م لھ ام و ل ۱۳۱۸ ھ ۳۵ اور لھ لھ ۱۱۵ ۱۱ ا و ع ع ط

ایضاً غلام یا لونڈی بھاگ جائے اس مربع کو لکھے اور بیچ میں نام بھاگے ہوئے کا لکھے اور قرآن میں سیپارہ ولو اننا جہاں پر یہ آیت واقع ہے لکھے تو مفرور بہت جلدی حاضر ہو۔ افتاں وخیزاں آئے گا وہ آیت کریمہ یہ ہے:۔



فصل ۱۰ پہچاننے چور میں

جس شخص کا مال چوری گیا ہو اور منظور ہو کہ چور کو دریافت کرے دو شخص آمنے سامنے بیٹھیں ایک بدھنی کوری داہنے ہاتھ کی انگلی سے اٹھاوے اور جس جس پر چوری کا گمان ہو اُن کے نام بدھنی میں لکھے اور سورہ یٰس کو مبین تک پڑھے اگر وہ شخص چور ہے تو بدھنی ضرور گھوم جاویگی اگر نہ گھومے تو اس کا نام مٹا کر دوسرے کا نام لکھے اور وہیں تک پڑھے اور اسی طرح نام ہر شخص متہم کا لکھتا جاوے یہاں تک کہ بدھنی گھومے اکثر بزرگ فرماتے ہیں کہ نام متہم کا کاغذ میں لکھ کر بدھنی میں ڈالے اور جب تک بدھنی نہ گھومے نام لکھ کر ڈالتا جاوے اور چاروں طرف بدھنی کے ان ناموں کو بھی لکھے یا جبرائیل یا میکائیل یا عزرائیل یا اسرافیل مجرب ہے:۔

مؤلف عفی عنہ کہتا ہے کہ یہ عمل یا اور کوئی عمل کرکے اگر چور سے مطلع ہو جائے تو چاہیئے کہ چرانے پر کامل یقین نہ کرے اور اس کو ہرگز بدنام نہ کرے بلکہ قرائن سے دریافت کرے کیونکہ کسی کو بدنام کرنا اچھا نہیں ہے:۔

ایضاً۔ جو کوئی چاہے کہ چور کو دریافت کرے صبح کو ایک طشت کے نیچے خروس سفید کو رکھے اور سات مرتبہ آیۃ الکرسی اس طشت پر دم کرے اور جن جن آدمیوں پر گمان چوری کا ہو وہ سب ایک دفعہ اس طشت پر ہاتھ رکھیں جو کوئی چور ہوگا خروس آواز دیگا مجرب ہے۔ ایضاً واسطے دریافت کرنے چور کے چند برگ ترنج لاکر ایک برگ پان لاکر دونوں پر اس آیۃ کریمہ کو لکھے اور آگ میں جلاوے جو چور ہوگا اس کے شکم میں ضرور درد ہوگا وہ آیت کریمہ ہے۔ بشرط احتیاط یہ عمل مجرب ہے۔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم الٰہی بحق کبریائی وَالسَّارِقُ وَالسَّارِقَةُ فَاقْطَعُوا أَيْدِيَهُمَا جَزَاءً بِمَا كَسَبَا نَكَالًا مِنَ اللَّهِ۔

فصل ۱۱ عملیات اور تعویذات رہائی محبوس میں۔

اگر کوئی شخص قید ہو جاوے اول و آخر درود شریف پڑھ کر سات بار آیت کفی کو پڑھے اور اپنی انگلیوں پر دم کرے قید سے رہائی پاوے بسم اللہ الرحمٰن الرحیم وکفی باللہ شہیدا وکفی باللہ علیما وکفی باللہ حسیبا وکفی باللہ ہادیا وکفی باللہ نصیرا

ایضاً۔ جب کوئی شخص بے وجہ قید ہو کر جاوے اس تعویذ کو لکھ کر اپنی پگڑی یا ٹوپی میں رکھے اس تعویذ کی برکت سے جلد خلاص ہوگا بسم اللہ الرحمٰن الرحیم نصر من اللہ و فتح قریب وبشر المومنین فاللہ خیر حافظا وھو ارحم الراحمین ۲۶۱۱۸۹۱۱۱ ایضاً جو کوئی قید ہو جائے اس مثلث کو اپنے پاس رکھے اس طرح پر ایک بائیں ایک دائیں ایک نیچے ایک سامنے ان شاء اللہ محبوس خلاص ہوگا مگر احتیاط ضروری ہے

	۹	۴
۷	۵	۳
	۱	

ایضاً بروز جمعہ قبل طلوع آفتاب کے اس نقش کو محبوس کی کمر میں باندھے ان شاء اللہ جلدی خلاصی پائیگا

۶	۱۴	۱۱	۸
۱۲	۷	۳	۱۳
۶	۹	۱۶	۲
۵	۴	۵	۱۰

ایضاً جو کوئی قید میں گرفتار ہو جاوے اس نقش کو اپنے پاس رکھے خداوند کریم بہت جلد رہا کرے گا جب رہائی پاوے تو اس نقش کو دریا میں ڈال دیوے وہ نقش یہ ہے

۷	۳	۸
۲	۴	۶
۶	۶	۶

فصل ۱۲ عملیات اور تعویذات دفع آسیب جن سایہ وغیرہ کے بیان میں

اکثر علماء تعبیر سے منقول ہے کہ جس پر آسیب کا خلل ہو اس کے داہنے کان میں تین بار اذان کہے اور اس کے بعد تین بار سورہ فاتحہ اور معوذتین اور آیۃ الکرسی اور سورہ طارق اور آخر سورہ حشر یعنی ھو اللہ الذی سے آخر تک اور سورہ والصافات ایک مرتبہ اور سورہ جن سات بار پڑھے آسیب بھاگ جاویگا جیسا کہ انسان آگ سے بھاگ جاتا ہے۔

ایضاً۔ واسطے دفع آسیب کے اصحاب کہف کے نام گھر کی دیوار پر لکھے جس گھر میں یہ اسماء لکھے ہونگے ان شاء اللہ تعالیٰ جن کا اثر نہ ہوگا الٰہی بحرمت یملیخا مکسلمینا کشفوطط اذرفطیونس کشافطیونس تبیونس یوانس و کلبھم قطمیر۔ ایضاً۔ چہل کاف کو جس مطلب کے لئے گیارہ بار پڑھیگا خدا کے حکم سے وہ مطلب برآوے گا۔ جس شخص کو خلل آسیب کا ہو گیارہ بار پانی یا کسی اور چیز پر پڑھ کر دم کرے اور آسیب والے کو دے آسیب بھاگ جاوے گا وہ یہ ہے قادر رب قدر قضا فقہقر افول بقوقار مع قریش فیفوش بحق قلافس

القطب الفسقاهر القامق فقوقوصری تفیل بقبول قوب قدس عن الصراط قیاقیومربلقوقمہا دقیقات بقفقة ققھوقطاطی و قسمہ فقتہ یاقوی - ایضاً چہل کاف تصنیف حضرت محبوب سبحانی قطب ربانی غوث صمدانی حضرت شیخ محی الدین عبدالقادر جیلانی قدس سرہ العزیز سے ہے خواص بہت ہے مگر یہ رسالہ مختصر اُن کے اندراج کی گنجائش نہیں رکھتا مختصر یہ ہے کہ جس امر کے واسطے پڑھا جاوے نہایت ہی مؤثر ثابت ہوگا۔ خصوصاً واسطے دفع کرنے جن وغیرہ کے سریع النفع ہے جس شخص کو دیو یا پری یا خبیث ایذا دیتا ہے چاہیے کہ اس کو سات مرتبہ روغن تلخ پڑھے اور روغن کو آسیب زدہ کے کانوں میں ڈال کر انگلیوں سے دباوے کہ روغن باہر نہ نکلے اور کچھ بدن پر ملے انشاءاللہ تعالیٰ آسیب کے جلنے کی بو آویگی اور آسیب بالکل جل جاویگا بلکہ جلنے کی فریاد بھی کریگا۔ ترجمہ اس کا شیخ عبدالحق محدث دہلوی نے فارسی زبان میں کیا تھا۔ جو کہ عام فہم نہ تھا اور یہ رسالہ زبان اُردو ہے لہذا فقیر نے ترجمہ فارسی عبارت شیخ موصوف نے لفظ بلفظ اردو میں کیا ہے وہ لفظ یہ ہے کفاک ربک کم یکفیک واکفة کفکافها الکمین کان من کلکا کافی ہے تم کو پروردگار تیرا اکثر کہ کفایت کرے تجھ کو از روئے حادثہ کے کہ چھپا اس کو مانند چھپے ہوئے شکار کے تکرکرا الکوفی کبد ی تحکی مشتکشة کلکلاک کلکا۔ لپیٹتا ہے مانند لپٹنے رسی کے جگر میں کھینچتا ہے چھری تیز سے مانند اس شجر کے پیچھے سے مارے کفاک مابی کفالث الکاف کرمتہ یاکوکبا کلان کافی ہے خاص کر تجھ کو اسی چیز سے اور کفایت کرتا ہے تجھ کو باز رکھنے سے اندر جگر کے اے ستارہ دل میرے کا تحکی کوکب الفلکا کرمشابہت رکھتا ہے تو ستارے آسمان روشنی میں یا ہقتائیل یا جبرئیل یا ودائیل یا کنکائیل یا جبرائیل یا میکائیل یا نعمائیل یا سرکائیل یا ہمرائیل یا عزرائیل یا رائیل یا جبرئیل یا میکائیل جس شخص کو چہل کاف مع مؤکلان پڑھنا منظور ہو موافق ہندسوں کے بعد ہر کلمہ کے اسم موکل دم کرے یہ نقش چہل کاف کا ہے جو کوئی لکھ کر پاس رکھیگا دیو اور جن کے شر سے محفوظ رہیگا وہ نقش مکرم یہ ہے۔۔۔

۳۹۰۱۱	۳۹۰۴	۳۹۰۹
۳۹۰۱	۳۹۰۸	۴۹۱۹
۳۹۰۷	۳۹۰۱۲	۳۹۰۵

ایضاً اس نقش کو آسیب والا بازو پر باندھے آسیب دور ہوگا وہ نقش یہ ہے

۶	۷	۲
۱	۵	۹
۸	۳	۴

ایضاً اس نقش کو غوث الاعظم کا فتیلہ بناکر کوئی کولی روئی پھر کورے سکورے میں رکھ کر روغن تلخ ڈال کر جلاوے اور شیرینی پر حضرت موصوف کی فاتحہ پڑھے آسیب دور ہوگا۔

ایضاً۔ یہ نقش سورہ جن کا ہے اس کو لکھ کر لڑکے کے گلے میں ڈالے لڑکا جمیع آفات خصوصاً شر بھوت و آسیب وغیرہ سے محفوظ رہے گا۔ اور جس شخص کو جن وغیرہ نے ستایا ہو لکھ کر اپنے پاس رکھے جن وغیرہ بھاگ جائیگا۔۔۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

لا الہ الا اللہ محمد الرسول اللہ

بحق یا جبرئیل یا بدوح

۱۱	۲	۸	۷
۲۱	۳	۳	۶
۱۸	۱۸	۸	۸
۱۴	۲	۲۲	۲۳

ایضاً جس شخص کے گھر میں جنات ڈھیلے یا پتھر پھینکتے ہو نقش کو دیوار پر قبلہ رو چسپاں کرے جن سے محفوظ رہے گا آسیب کا گذر ہرگز نہ ہو گا نقش مکرم یہ ہے۔۔

۷۸۶

۱۱	۸	۱	۲
۲	۱۲	۳	۷
۱۶	۳	۶	۵
۱۹	۱۰	۱۵	ع۵

ایضاً یہ نقش متبرک سورہ مزمل کا ہے اسکے خواص بہت ہیں ازاں جملہ ایک یہ ہے کہ جو باطہارت لکھ کر اپنے پاس جنوں کے شر سے محفوظ رہے گا اور جمیع بلیات سے دور رہے گا مجرب ہے نقش یہ ہے۔۔۔

۷۸۶

۶	۸	۹	۴
۶	۳	۴	۶
۶	۳	۶	۶
۶	۵	۶	۵

تنبیہ۔ جاننا چاہیے کہ اس فصل میں جن وغیرہ کو شیشہ میں رکھنے کی ترکیب نہیں لکھی یہ امر نہایت مشکل ہے شاید کوئی ناواقفی سے زک اُٹھائے لہٰذا ترک کیا ہے نقش یہ ہے

۷۸۶

۶۵۵۶۶	۳۲۵۵۹	۲۲۵۶۵
۴۳۵۶۱	۶۳۵۶۱	۲۲۵۴۵
۳۴۵۶۳	۲۳۵۲۷	۲۳۵۵۶

فصل ۳ علامات سحر زدہ اور تعویذات سحر زدہ کے بیان میں

علامات سحر زدہ کے یہ ہیں کہ روز بروز لاغر و بے قرار ہوجاتا ہے اور زن و فرزند سب سے کھانے پینے اور بولنے سے نفرت کریگا ہڈیوں میں درد ہوگا ڈرتا جاگے گا اور بعضوں کے درد سر اور اسہال شکم ہونگے سحر زدہ دیوانوں کی طرح ہوجاتا ہے اور چپ رہتا ہے جس پر سحر کا شبہ ہو اس آیۃ کریمہ کو کاغذ باریک پر خون ہدہد یا ماکیان سیہ یا مشک یا زعفران یا گلاب سے لکھے اور گلے میں باندھے اور سات پرچے کاغذ کے مع بسم اللہ لکھے اور سات دن تک ایک گولی میں گھول کر پلادے مجرب ہے۔ ایضاً دفع سحر کیلئے معوذتین لکھ کر اپنے پاس رکھے اور ہر روز پڑھا کرے یا چینی کی رکابی پر لکھے اور دھو کر پلادے سحر کا اثر نہ ہوگا ایضاً واسطے دور ہونے سحر کے یہ دو نقش ہیں ایک قصیدہ بردہ اور دوسرا نقش قصیدہ حضرت امیر علیہ السلام کا ہے ان دونوں نقشوں کو لکھ کر دونوں کی پشت پر قسمت علیکم یا ذوالکائیل لکھے اور صبح کے گلے میں دریا کا پانی یا سات کوؤں کا بھرے پھر یہ نقش ڈالے اور یہ آیت کریمہ فلما جاء السحرۃ سے لی عمل المفسدین تک پڑھے اور جب پانی ختم ہوجائے سب پانی کو ایک جگہ کرکے دریا میں ڈالیں سات روز تک اسی طرح کریں انشاءاللہ تعالیٰ مسحور بہت جلد صحت پاوے گا۔

نقشہ قصیدہ امیر علیہ السلام یہ ہے

۳۰۹۹	۳۰۹۲۴	۳۰۹۱۷
۳۰۹۳	۳۰۹۲۰	۳۰۹۹۲
۳۰۹۲۳	۳۰۹۱۶	۳۰۹۲۱

نقشہ قصیدہ بردہ یہ ہے

۷۸۶


۱۴۳۳۳۲	۱۴۳۴۲۶	۱۴۳۴۴۶
۱۴۳۴۴۰	۱۴۳۴۳۰	۱۴۳۴۲۳
۱۴۳۴۳۸	۱۴۳۴۱۲	۱۴۳۴۲۵
۱۴۳۴۳۸	۱۴۳۴۲۱	۱۴۳۴۲۵

فصل ۴ کیفیت چشم زخم اور اس کے عملیات اور تعویذات کے بیان میں

صحیح مسلم اور تفسیر فتح العزیز وغیرہ میں لکھا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ہے کہ نظر کا لگنا ٹھیک ہے جو کوئی چیز تقدیر پر غالب ہوتی ہے تو وہ نظر ہوتی ہے یعنی تاثیر اس کی نہایت قوی ہے کہ حق تعالیٰ نے بعض آدمی اور جنوں کی آنکھ میں رکھا ہے جیسا کہ بچھوؤں کی ڈنک اور سانپ کی زبان پر زہر رکھا گیا۔ اور نہ جانے کہ نظر غیر کی لگتی ہے کبھی اپنی بھی لگ جاتی ہے اور فقط آدمی پر نہیں لگتی بلکہ باغ اسباب اور مکان اور جانور اور کھیت وغیرہ سب چیزوں پر لگتی ہے اور حدیث شریف میں آیا ہے کہ جو چیز آنکھ میں اچھی معلوم ہو تو ماشاءاللہ لا قوۃ الا باللہ کہے۔ اس آیت کی برکت سے نظر کا اثر نہیں ہوگا۔ یہ کیفیت اس کی بڑی کتابوں میں بھی لکھی ہے حدیث شریف میں

بھی آیا ہے کہ جو کوئی شخص نظر لگاوے پس فوراً نظر لگانے والے کا منہ اور دونوں پاؤں اور ستر گاہ ایک برتن میں دہونے کو کہے اور اس پانی کو اس پر چھڑک دیوے جس کی نظر لگی ہو خدا کے حکم سے اچھا ہو جاوے اور یہ عمل کتب معتبرہ میں لکھا ہے اور حدیث شریف میں آیا ہے کہ جب تم سے کوئی منہ وغیرہ دہووے ۔ اگر دفع نظر کے واسطے تم سے کوئی درخواست کرے کہ منہ وغیرہ دہوو تو دہو دینا چاہیئے اور اس کا برا ماننا عبث ہے روایت ہے کہ حضرت عثمان نے ایک لڑکا دیکھا آپ نے فرمایا کہ اس کی ٹھوڑی پر کالا ٹیکا لگا دو ۔ تاکہ اس پر نظر اثر نہ کرے کالا ٹیکا بچوں کو نظر کے لئے لگانا ترمذی شریف سے ثابت ہے پس معلوم ہوا کہ ٹیکا لگانا بے اصل نہیں ہے ۔ ایضاً حضرت حسن بصریؒ نے فرمایا ہے کہ جس شخص کو اپنے اوپر یا اپنے مال وغیرہ کو نظر لگنے کا خوف ہو تو چاہیئے کہ اس آیت کریمہ کو تین مرتبہ پڑھ کر دم کیا کرے آیت کریمہ یہ ہے وان یکاد الذین کفروا لیزلقونک بابصارھم لما سمعوا الذکر ویقولون انہ لمجنون ۔ ایضاً حدیث شریف میں آیا ہے کہ حضور علیہ السلام امام حسینؓ کو اس طور پر تعویذ فرماتے تھے اعوذ بکلمات اللہ التامات من کل شیطان وسوسۃ ومن کل عین لامۃ ۔ ہر ایک شخص کو چاہیئے کہ اپنے لڑکوں کے گلے میں اس تعویذ کو ڈالے ۔ حق تعالیٰ اس کو نظر بد اور بلاؤں سے محفوظ رکھے بسم اللہ الرحمن الرحیم اعوذ بکلمات اللہ التامات من کل شیطان وھامۃ وعین لامۃ تحصنا تحصنین الف الف لاحول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم ایضاً ۔ واسطے دور ہونے ام الصبیان کے اس تعویذ کو لکھ کر گلے میں ڈالے ۔ اعوذ باللہ من الشیطان الرجیم بسم اللہ الرحمن الرحیم یا غفور انہ من سلیمان داؤد علیہ السلام یا غوث اھیا اشراھیا فی السعو خالہ ویجعل اواسمہ وکان لعون اللہ فی کل شفاء یا اللہ یا اللہ برحمتك یا ارحم الراحمین ۔ اس فتیلہ کو لکھ کر جلاوے اور دہواں اس کا بدن میں لڑکے کے لگا دے ۔ یحج ۔ ایضاً جو کوئی شخص اس تعویذ کو لکھے اور گلے میں ڈالے تو نظر بد سے محفوظ رہے گا نقش یہ ہے ۔ ایضاً جو کوئی اس نقش کو ہرن کی کھال پر لکھے اور اپنے پاس رکھے وہ خدا کے فضل سے نظر بد سے محفوظ رہیگا

الحمد لله	رب العالمین	الرحمن الرحیم	مالك	یوم الدین
ایاك نعبد	وایاك نستعین	اهدنا الصراط	المستقیم	صراط الذین
انعمت	علیهم	غیر المغضوب	علیهم	ولا
الضالین	آمین	بسم الله	الرحمن	الرحیم



ایضاً جو شخص اس نقش کو لکھ کر گلے میں ڈالے گا یا چینی کی رکابی میں ڈال کر پیے گا یا پلا دے گا تو جمیع بلیات

۴۴۶	۴۵۰	۴۵۲	۴۳۹
۴۵۳	۴۴۰	۴۴۵	۴۵۱
۴۴۱	۴۴۵	۴۴۸	۴۴۴
۴۴۹	۴۴۳	۴۴۲	۴۵۴

سے مثل نظر بد وغیرہ کے امان میں رہے گا وہ نقش مکرم یہ ہے :۔

فصل ۱۵ اگریۂ اطفال میں } جب کوئی بچہ سونے میں اور جاگنے میں ہمیشہ یعنی ہر وقت روتا رہے تو اس آیت بزرگ کو لکھ کر بچے کے گلے میں ڈال دیوے وہ بچہ نہ روئے گا آیت مکرم یہ ہے :۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم شَہِدَ اللّٰہُ اَنَّہٗ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ سے عند اللہ الاسلام تک جس لڑکے کے گلے میں ڈال دیوے وہ خدا چاہے سوتے اور جاگتے وقت کبھی نہ روئے گا :۔

ایضاً واسطے دفع ہونے گریہ اطفال کے بسم اللہ الرحمن الرحیم لا یضر مع اسمہ شیئ فی الارض ولا فی السماء وھو السمیع العلیم بحق و ننزل من القراٰن ما ھو شفاء ورحمۃ للمؤمنین ولا یزید الظالمین الا خسارا ۔ ان آیات متبرکہ کو چینی کی رکابی میں لکھ کر دھو کر پلاوے اور منہ پر بھی چھینٹے دیوے لڑکا رونے سے باز رہے گا اور ان دونوں نقشوں کو لکھ کر گلے میں ڈالے مجرب ہے :۔

جو کوئی شخص اس نقش کو باطہارت کاغذ پر رو بقبلہ بیٹھ کر لکھے اور جو لڑکا بہت روتا ہو اس کے گلے میں ڈالے وہ بہت کم روئے گا۔

۶	۱	۸
۷	۵	۲
۲	۹	۴

۰	۸	۱۱	۱۴	۱
۰	۲	۴	۷	۲
۰	۳	۱۶	۹	۶
۰	۱۰	۵	۴	۱۵

نقش مکرم یہ ہے :۔

۱۰ ا ص ▭ ااا ص ط ۸ ۸

ایضاً ۔ اگر کوئی شخص اس نقش مکرم کو ماہ محرم میں چاندی تختی پر کھدا کر لڑکے کے گلے میں ڈالے تو لڑکا تمام بلیات سے محفوظ رہے گا وہ نقش مکرم الف کا درج ذیل ہے۔

ایضاً ۔ اس نقش کو واسطے بد خوابی کے اور گریہ اطفال کے بچے کے گلے میں باندھے نقش مکرم ب کا درج ذیل ہے :۔

ب ۷۸۶

۴۷۲۴	۴۷۱۸	۴۷۲۵۰
۴۷۲۳	۴۷۲۲	۴۷۰۳۰
۴۷۱۹	۴۷۱۹	۴۷۲۱

الف ۷۸۶

ط	ی	ف	ح
ح	ف	ل	ط
ی	ط	ح	ف
ف	ح	ط	ی

فصل ۱۶ مریض کا حال دریافت کرنے کے بارے میں

اگر کوئی شخص چاہے کہ اس مریض کا مرض کیا ہے دریافت کروں آیا کوئی آسیب ہے یا اور کوئی بدنی مرض ہے سات تار سوت کے لے کر پیر کے انگوٹھے سے موئے پیشانی تک ناپ کر ایک بار درود شریف اور سات بار الحمد شریف اور ایک بار آیت الکرسی اور اس کے بعد سات دفعہ اس دعا کو پڑھے

لبسم اللہ الرحمٰن الرحیم قیوش سقش رجہاش میعاش شاقیش ماش البوش یاارحم الراحمین - پھر سوت مذکور موافق اول ناپ کر پھر دیکھے کہ کم ہے یا زیادہ اگر ایک انگل کم ہووے - دیو ہے اگر دو انگل کم ہے آسیب ہے اگر تین انگل کم ہووے تو بلا ہے اگر چار انگل کم ہووے توام الصبیان ہے اگر ایک انگل زیادہ ہو تو نظر آدمی کی ہے اگر دو انگل زیادہ ہے تو تپ ہے اور اگر کم اور زیادہ نہ ہووے تو مرض بدنی ہے :-

ایضاً - واسطے دریافت کرنے مرض اور آسیب کے لازم ہے کہ باوضو ہوکر اس نقش کو لکھے اور اس نقش پر یہ اسماسات مرتبہ پڑھ کر دم کرے اور مریض کے ہاتھ پر بھی پھونک دے اگر سحر ہوگا سر اور دوش گران ہوگا اگر آسیب ہے ہاتھ مریض کا کانپے گا اور اگر مرض ہے تو کچھ اثر بھی نہ ہوگا نقش مکرم یہ ہے :- ملطشفا ایار ملجشفا ۳ بارلنا اللہ الخلق بحق سلیمان ابن داؤد علیہ السلام حاضر آیند بشود ....

۳۳۴	۳۲۷	۳۱۶	۳۱۷
۳۲۹	۳۱۸	۳۲۷	۳۳۵
۳۱۹	۳۳۳	۳۱۵	۳۲۲
۳۲۶	۳۲۱	۳۰۳	۳۳۱

ایضاً طریقہ دریافت کرنے مرض و آسیب کا یہ ہے

کہ ایک کوراسکورا لے کر اس پر یہ نقش لکھے اور سات مرتبہ مریض پر اتارے پھر آگ میں ڈالے اور بادکش سے خوب روشن کرے اگر حروف سفید ہوں تو آسیب پری کا ہے اگر حروف سیاہ ہوں تو مرض بدنی ہے اور وہ نقش مکرم یہ ہے ۲۴۹۱۱۲۳۷۴۶۵۱۸۳۱ ایضاً اگر کوئی شخص بیمار ہو اس روزنامہ حضرت علی کرم اللہ وجہہ کو دیکھے اور ہر روز اور ہر شب کے لئے جو کچھ فرمایا ہے اس پر عمل کرے شافی مطلق کی عنایت سے جلدی شفا حاصل ہوگی - روز دوشنبہ کو جو کوئی بیمار ہو اس روز کا عامل زحل ہے اور بیمار پر آٹھ دن بہت ہی گران ہیں - بیماری اس کی عمل بامدہ چشم زخم ہے علامت سر پھیرے گا اور بدن کانپے گا اور سارا جسم بھاری ہوگا اور تشنگی ہوگی نیند کم آئیگی اور اگر بیمار ہو لڑکا تمام دن اور رات روئے گا اور دودھ دیکھ کر مونہہ موڑے گا اس سے معلوم ہوتا ہے کہ اسکی دودھ پلائی نے اس کو کسی غیر عورت کے سامنے دودھ پلایا ہے بچے کو نظر ہوگئی ہے سات روز گراں ہیں صدقہ سیاہ ماش ہو پاؤ بھر اور جامہ سیاہ سوا گز اور تھوڑا لوا محتاجوں کو دلوے اور ایک تعویذ نظر بد کا لکھ کر گلے میں ڈالے - شب شنبہ کو اگر بیمار ہو تو بیماری اس کی بسبب نیلی پڑی کے ہے ؛ صدقہ کسی جانور سیہ رنگ اور چار گز کپڑا اور کپڑے کے ایک گوشے میں تھوڑے کوئلے اور ایک میں تھوڑا سا لوہا اور ایک طرف ہلدی اور ایک میں روئی باندھ کر کسی کو دے اور ایک تعویذ نظر بد کا لکھ کر گلے میں ڈالے اگر روز یکشنبہ بیمار ہو اس روز کا عامل آفتاب ہے بیمار چودہ روز تک بہت علیل ہوگا آخر صحت ہوگی بیماری اس کی بسبب برہنہ ہونے کے یا بجہت کھانے طعام سفید کے ہے علامت اسکی یہ ہے کہ درد سر اور بدن اسکا گرم ہوگا اور تمام رات دن بے قرار ہوگا اور آنکھیں

تھی سرخ اور منہ زرد ہوگا اور کسی سے بات نہ کرے گا اور خواب میں ڈرے گا۔ صدقہ خیرات برنج اور کپڑا پہنا ہوا بیمار کا یا سات روٹیاں تیل سے چپڑ کر کسی محتاج کو دے اگر شب یک شنبہ کو بیمار ہو بیماری اس کی بسبب کالی پری کے یا کسی دیو کے ہے علامت یہ ہے کہ بدن سرخ ہوگا اور خواب میں ڈرے گا اور دیکھے گا کہ کوئی شخص سامنے اس کے کھڑا ہے اور کسی سے بات نہ کریگا صدقہ سوا گز کپڑا زرد رنگ اور ہلدی زرد اور چاول دیوے روز دو شنبہ کو اگر کوئی شخص بیمار ہو اس دن نوبت مہتاب کی ہے بیمار پندرہ روز تک گران ہے بیماری اس کی بسبب نظر چیل یا کوا یا پری یا کھانے سفید کے ہے علامت اسکی یہ ہے درد سر اور سستی جگر اور تمام بدن میں درد ہو اگر بچہ بیمار ہو۔ ام الصبیان سے ام الصبیان نام ایک دیونی کا ہے کہ بچے کو دودھ پلا جاتی ہے اسی سبب سے لڑکا کسی عورت کا دودھ نہیں پیتا ہے یہاں تک کہ ہلاک ہو جاتا ہے۔ صدقہ۔ ہلدی اور سیندور لڑکے کے سر پر باندھے اور ایک مرغی سفید سوا پاؤ یا ایک مرغ سفید اور تھوڑا تیل سوا ماشہ چاندی محتاجوں کو دے روز سہ شنبہ کو اگر بیمار ہوا ہے اس روز مریخ ہے بیمار پر دس دن گران ہیں۔ بیماری اسکی بسبب دیو کے ہے اور اس کے گھر میں آسیب ہے یا اُس کے گھر میں کوئی وقت ہے کہ اس پر کوئی آسیب ہے اس کی نظر لگی ہے علامت جاگنے میں ناف اور شکم میں درد معلوم ہوتا ہے اور تمام بدن کانپتا معلوم ہوتا ہے اور نیند نہیں آتی صدقہ سوا گز کپڑا سرخ رنگ اور مسور سرخ اور برنج اور کنجد اور چند گل انار اور ایک کپڑا مریض کے بدن کا اور سیر آرد گندم اور گھی سوا سیر اور ایک مرغ سرخ مریض کو دکھا کر مستحق کو دے۔ اگر لڑکا بیمار ہو نظر ڈائن اور بد نظر کی لگی ہے صدقہ شیر اور برنج پکا کر تھوڑا کپڑا سرخ ہمراہ شیر برنج کے رکھے اور کسی محتاج کو دے اگر عورتِ حاملہ ہووے بیماری اس کی اس سبب سے ہے کہ رات کو کسی ضرورت کے واسطے اٹھی اس وقت دیو کھڑا تھا اس کی نظر پڑی اور ڈر گئی علامت درد شکم پیشاب میں بدبو اور سونے میں ڈرے تمام بدن میں کانٹے چبھیں۔ صدقہ ایک بچہ کبوتر سیاہ کا ذبح کر کے خون اسکا ناخنوں پر لگاوے اگر پانی سے دہووے تو اس پانی کو چوراہے میں ڈالے شب سہ شنبہ کو اگر بیمار ہو بیماری اس کی بسبب خوف یا سردی یا نظر دیو پری کے ہے تھوڑی اجوائن کھاوے صدقہ جامہ سفید یا سیاہ اور ایک مرغ اور سوا ماشہ چاندی کسی کو دیوے اگر روز چہار شنبہ بیمار ہو اس روز عطارد ہے بیمار پر پندرہ روز گراں ہیں بیماری اس کی اس سبب سے ہے کہ کسی منت کی نذر مانی تھی ادا نہیں ہوئی اگر کوئی رنج دل میں ہے علامت درد سر و سینہ و پشت صدقہ۔ روغن والی روٹی پکا کر چار گز کپڑا اور تھوڑی سی چاندی اور ایک انڈا مرغ کا اور ایک مرغ سفید اور اگر ممکن ہو تو سوا پاؤ گوشت سوا پاؤ چاول اور سوا پاؤ تیل سیاہ محتاجوں کو دے اگر لڑکا بیمار ہو تو اسکی دودھ پلانے والی نے ایک غیر عورت کے سامنے دودھ پلایا ہے علامت یہ ہے کہ لڑکا دودھ نہ پیئے اور سست رہے صدقہ۔ ایک چراغ آٹے کا چار رویہ بنا دے اور گھی ڈال کر چاروں طرف سے اس کی بتی جلاوے اور دریا میں ڈالے اور نمک

اور موٹھ اور برنج محتاجوں کو دے اگر چہار شنبہ کو بیمار ہو بیماری اس کی بسبب غم کے ہے صدقہ سوا پاؤ
برنج اور ایک مرغ اور کپڑا مریض کے بدن کا اور سوا پاؤ کی دو روٹیاں کسی محتاج کو دے اگر روز پنجشنبہ کو
بیمار ہو روز مشتری ہے مریض پر دس روز گران ہیں. بیماری اس کی اس سبب سے ہے کہ کسی روز برہنہ
غسل کیا ننگا بدن کسی پری کو اچھا معلوم ہوا۔ یا آدھی رات کو پانی پینے یا پیشاب وغیرہ کے لئے اُٹھا ہے
اور نظر پری کی پڑی ہے۔ علامت اس کی یہ ہے درد سر درد کمر درد ناف اور سوتے میں ڈرے اور آنکھ
بند ہوتی جاوے صدقہ مرغ سُرخ اور جامہ زرد۔ تل سرخ و سیاہ اور تھوڑے مہندی کے پتے اور
سوا پاؤ گندم اور تھوڑی چاندی اور اگر لڑکا بیمار ہے ام الصبیان نے دودھ پلایا ہے علامت یہ ہے کہ بچہ
اپنی ماں کا دودھ نہیں پیتا. اگر کچھ پیتا ہے تو قے کر دیتا ہے اور لحظہ بلحظہ رنگ سبز اور زرد ہوا جاتا ہے اور
گھڑی لاغر ہوا جاتا ہے صدقہ ایک چراغ جو کے آٹے کا بناوے اور چاروں طرف اس کی بتی جلاوے
کھیر پکا کر مریض کو دکھا کر دریا میں چھوڑ دے شب شنبہ کو اگر بیمار ہو جاوے سبب اس کا شر دیو یا پری
ہے کہ رات کو چلتے وقت کسی پری کو رفتار اچھی معلوم ہوئی علامت اعضا شکنی اور سستی بدن اور پیروں میں
درد ہو صدقہ ایک بکری کا بچہ سیاہ رنگ آرد جو سوا سیر نمک و روغن کنجد سوا چھٹانک کسی محتاج کو دیوے اگر
روز جمعہ کے بیمار ہو اس روز زہرہ ہے بیمار پر گیارہ روز شدت کے ہیں بیماری اس کی بسبب غلبہ خون کے ہے
یا کسی جگہ خود بخود گر پڑا ہے وہاں جن تھا اس کا دھکا لگا ہے علامت بدن اور درد سر ہو وے اور خواب
میں ڈرے اور آنکھیں سرخ ہو جاویں صدقہ. خاک چوراہے کی یا خاک مرگھٹ کی لیکر سفید بکرے کے
خون میں تر کرکے اور ایک چراغ ماش کے آٹے کا بناوے اور تھوڑا سا سیندور اور تھوڑی سی ہلدی
رکھ کر ان سب چیزوں کو ایک سیاہ کپڑے میں باندھے اور کوری ہانڈی میں رکھ کر دریا میں ڈالے اور
ایک روٹی سوا پاء آٹے کی پکا کر روغن زرد سوا پاء رکھ کر تھوڑی چاندی اور سوا گز کپڑا کسی کو دے اگر
اگر لڑکا بیمار ہو وے اس کو صدمہ دیو یا پری یا کھانے یا دودھ بنانے کے سبب سے ہے علامت سر درد
یا زانو اور آنکھوں سے پانی جاری ہوگا اور چہرہ زرد ہوگا دودھ نہ پئے گا کوے یا مرغ کی دم کے جلا دے
بعد دھواں اس کا بدن پر پہنچاوے گا اور کھیر پکا کر محتاج کو دیوے شب جمعہ کو اگر بیمار ہو وے تو بیماری اس
کی صدمہ دیو پری ہے صدقہ. روغن کنجد دال ماش دال نخود دال مسور یا کوئی جانور سفید یا سیاہ اور قدرے
چاندی اگر مسکن ہو تو ایک روٹی ڈھائی پاؤ کی روغن گاؤ میں تر کرے اور شکر سفید ڈال کر اور کپڑا سفید اور ایک
انڈا مرغ کا اور ایک کوزہ تازہ پانی محتاج کو دے اگر کوئی شخص بیمار ہو تو دن بیماری کا معلوم نہ ہو تو بیمار اور
اس کی ماں کے نام کے اعداد نکال کر جمع کرکے سات پر طرح دے اگر ایک باقی رہے روز شنبہ ہے
اگر دو بچیں یک شنبہ ہے اگر تین بچیں روز شنبہ اگر چار بچیں روز سہ شنبہ ہے اگر پانچ بچیں روز

چہارشنبہ ہے اگر چھ پچیس روز پنجشنبہ ہے اگر سات پچیس روز جمعہ ہے۔

فصل ۷ اعملیّات اور تعویذات شفائے امراض میں؛

جب کوئی شخص کسی مرض میں مبتلا ہو۔ تو اس شخص کو لازم ہے کہ سورہ الحمد کو سنت فرض کے میان میں بسم اللہ الرحمن الرحیم کی میم کو الحمد کی لام سے ملا کر اکتالیس (۴۱) بار چالیس دن تک لگاتار پڑھے اور پانی دم کر کے مریض یا مسحور کو پلادیں بفضلہ تعالےٰ شفا پائے۔ ایضاً سورہ فاتحہ کو چینی کی رکابی میں گلاب مشک اور زعفران سے لکھے اور دھو کر پلادے بہت جلد شفا پاوے۔ ایضاً جب کوئی بہت بیمار ہو ختم یا سلام کا پڑھے۔ ترکیب یہ ہے اسم شریف یا سلام کو ایک لاکھ پچیس ہزار بار ایک جلسہ میں طاق آدمی مل کر پڑھیں اور فاتحہ دے کر شیرینی تقسیم کریں۔ اسم شریف کی برکت سے مریض بہت جلدی شفا پائیگا مجرب ہے۔ فقیر مؤلف نے تجربہ کیا ہوا ہے ایضاً۔ جو کوئی بیمار ہو یہ چھ آیتیں قرآن کی جنہیں آیات شفا کہتے ہیں بیمار کے لئے ایک چینی کی رکابی پر معہ بسم اللہ اور سورہ فاتحہ کے لکھے اور پانی میں دھو کر پلاوے۔ آیات شفا یہ ہیں۔ ویشف صدور قوم مومنین۔ وشفاء لما فی الصدور یخرج من بطونہا شراب مختلف الوانہا فیہ شفاء للناس وننزل من القران ما ھو شفاء ورحمۃ للمومنین واذا مرضت فھو یشفین۔ قل للذین امنوا ھدے وشفاء۔ ایضاً۔ جو کوئی بیمار اس رباعی کو اول آخر درود شریف کے پڑھے خدا کے فضل سے شفا پاوے۔ رباعی

اے در صفت ذات تو حیران تو ۔۔۔ وز ہر دو جہاں خدمت درگاہ تو بہ

علت تو ستانی و شفا ہم تو دہی ۔۔۔ یا رب بفضل خویش بستاں تو بہ

ایضاً۔ یہ نقش دوائی خرب الجرب کا ہے اس کو لکھ کر بیمار کے گلے میں ڈالے یا چینی کی رکابی پر لکھ کر اس کو پلاوے ہر ایک امر کے واسطے مفید ہے یہ نقش مکرم یہ ہے:۔

۳۳۴۰	۳۳۲۲	۳۳۴۶	۳۳۲۳
۳۳۳۵	۳۳۲۸	۳۳۳۹	۳۳۲۴
۳۳۳۴	۳۳۳۸	۳۳۴۱	۳۳۳۸
۳۳۳۱	۳۳۳۷	۳۳۳۵	۳۳۴۷

۷۸۶

ایضاً یہ نقش تینوں قل کا ہے جو شخص اس نقش کو جمعہ کے دن بازو پر باندھے جمیع امراض و بلیات ارضی و سماوی سے محفوظ رہیگا۔ وہ نقش یہ ہے

۴۱۶۸۳	۴۱۶۸۸	۴۱۶۶۰	۴۱۶۷۸
۴۱۶۸۴	۴۱۶۸۶	۴۱۶۱۸	۴۱۶۶۰
۴۱۶۷۷	۴۱۶۹۰	۴۱۶۸۲	۴۱۶۸۶
۴۱۶۸۴	۴۱۶۷۹	۴۱۶۷۹	۴۱۶۸۹


۷۸۶

ایضاً یہ نقش اسم یا حفیظ و یا حی کا ہے جو کو بیمار کے داہنے بازو پر باندھے خدا کے فضل سے بہت جلدی شفا پائیگا اور جس کے پاس یہ نقش ہوگا۔ جمیع صدمات و آفات سے محفوظ رہے گا اول اعداد یا حفیظ کو مربع میں پر کرے بعد اس کے اعداد یا حی مثلث کو۔۔۔۔۔

۳۵ ۴	۳۵۳۲	۳۵۴۶	۳۵۲۳۱
۳۵۳۰	۳۵۳۴	۳۵۴۵	۳۵۲۴
۳۵۳۵	۳۵۳۲	۳۵۴۱	۳۵۲۷
۳۵۲۴	۳۵۲۷	۳۵۳۶	۳۵۲۷

ایضاً۔ یہ نقش آیۃ الکرسی کا ہے جب کہ بچہ بیمار ہو تو لکھ کر اُس کے گلے میں ڈالے خدا کے فضل سے مریض بہت


جلد شفا پاوے مجرب ہے اور جو کوئی شخص اپنے پاس رکھے گا
وہ انشاءاللہ سب آفتوں سے بچا رہیگا۔ وہ نقش یہ ہے:۔



یہ نقش بکرم سور لقمان کا ہے کاغذ پر لکھ کر حاملہ عورت کے
گلے میں ڈالے یا جو شخص اپنے پاس رکھے گا وہ اہل یقین
سے ہوگا۔ نقش یہ ہے :۔

ایضاً۔ اس نقش کو لکھ کر بیمار کے گلے میں ڈالے انشاءاللہ
تعالےٰ بیمار بہت جلدی شفا پاویگا۔ وہ نقش یہ ہے:۔

حضرت اخی مولوی محمد اصغر علی غفراللہ الغفار
نے فرمایا ہے کہ جو شخص برگِ پان پر اس آیت
کریمہ کو لکھے۔ اور قبل آمد بخار کے مریض اس
کو دیکھے تو انشاءاللہ تعالیٰ بخار دور ہو جائیگا
اگر بخار آجاوے تو بعد آجانے بخار کے اس
پان کو کوئیں میں ڈالے یہ عمل تین روز تک
کرے آیۃ کریمہ یہ ہے:۔



لا یرون فیہا شمسا ولا زمہریرا ط

ایضاً حضرت اخی رحمۃ اللہ تعالےٰ علیہ نے فرمایا
ہے کہ جب کسی شخص کو لرزہ آتا ہو۔ پان یا برگ پیپل پر اس آیت کریمہ کو لکھے اور برگ کو مریض
دیکھے اگر خدانخواستہ بخار آوے برگ مذکور کو کوئیں میں ڈالے۔ اس کو اگر تین روز تک
مریض دیکھے گا۔ تو شفا پائے گا وہ آیت شریفہ یہ ہے۔

قلنا یا نار کونی بردا و سلاما۔

ایضاً۔ واسطے تپ لرزہ کے لہسن
جوی پر لکھ کر ہاتھ میں باندھے تین باری میں
دفع ہوگا باری اول اسم باری دوم سرا اسم
باری سوم سرا اسم مجرب ہے اس نقش کو

یاحافظ	یاحافظ	یاحافظ	یاحافظ
یاحافظ	یاحافظ	یاحافظ	یاحافظ
یاحافظ	یاحافظ	یاحافظ	یاحافظ
یاحافظ	یاحافظ	یاحافظ	یاحافظ

واسطے تپ لرزہ کے لکھ کر مریض کے گلے میں ڈالے یا ہاتھ میں باندھے۔ یا پانی میں گھول کر پلادے
مریض صحت پاوے نقش مجرب ہے۔

۸	۱	۶
۳	۵	۷
۴	۹	۲

ایضاً۔اس نقش کو واسطے تپ کہنہ کے لکھ کر بیمار کے گلے میں ڈالے خدا کے فضل سے مریض صحت پا ویگا۔۔۔ - - - - -

ایضا برائے دفعہ کرنے عارضہ صرع کے سورہ سجدہ کو جو کوئی شخص لکھ کر اپنے گلے میں ڈالے بفضل خدا صرع کے عارضہ سے محفوظ رہیگا۔

یاکبیح	یاکبیح	یاکبیح
یاکبیح	یاکبیح	یاکبیح

ایضاً۔جس شخص کو عارضہ صرع ہو۔اس تعویذ کو روز شنبہ کی اول ساعت میں تختی مسی پر کندہ کر کے گلے میں ڈالے۔عارضہ صرع دفع ہوگا۔ایک طرف تختی کے یا قہار انت الذی لا یطاق انتقامہ یا قہار۔اور دوسری طرف یا مذل کل جبار علیہ قہر عزیز سلطانہ یا مذل نہایت مجرب ہے۔

ایضا واسطے دفع صرع کے ان حرفوں کو لکھ کر پیشانی پر صرع کے باندھے حرف یہ ہیں:۔

کھیعص حمعسق حم عسق ایاک نعبد وایاک نستعین صرع فلاں ابن فلاں دور شود۔

ایضاً جس کو عارضہ صرع ہو جاوے۔منگل کے دن ایک سفید مرغ ذبح کر کے اس کے خون سے اس نقش کو لکھ کر مریض کے گلے میں ڈالے فنح فنح فنح ایضاً برائے دفع عارضہ چیچک کے سورہ فاتحہ معہ بسم اللہ اکتالیس آدمیوں سے بے لفظ اور نقطہ اور حروف عین اور میم اور واؤ کش دہ لکھوائے اگر گلے میں ڈالے خدا کے فضل سے چیچک نہ نکلے گی مجرب ہے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم	بسم اللہ الرحمن الرحیم	بسم اللہ الرحمن الرحیم	بسم اللہ الرحمن الرحیم
بسم اللہ الرحمن الرحیم	بسم اللہ الرحمن الرحیم	بسم اللہ الرحمن الرحیم	بسم اللہ الرحمن الرحیم
بسم اللہ الرحمن الرحیم	بسم اللہ الرحمن الرحیم	بسم اللہ الرحمن الرحیم	بسم اللہ الرحمن الرحیم
بسم اللہ الرحمن الرحیم	بسم اللہ الرحمن الرحیم	بسم اللہ الرحمن الرحیم	بسم اللہ الرحمن الرحیم

ایضاً۔جب عارضہ چیچک کا شروع ہو اس نقش کو لکھ کر بچوں کے گلے میں ڈالے مجرب ہے نقش یہ ہے۔

۷۸۶

سلام	قولا	من رب	الرحیم
۲۲۲	۱۸۸	۱۴۳	۱۳۱
۱۸۷	۱۹۷	۴۳	۱۲۲
۱۳۹	۱۲۴	۱۹	۲۹۱

ایضاً جب کسی کو چیچک نکلے اس نقش کو گھول کر پلا دے۔خدا کے فضل سے صحت پاوے۔۔۔

۷۸۶

۱۵	۲۸	۲۹	۴۲
۲۶	۳۱	۱۶	۲۷
۲۰	۲۳	۳۴	۱۷
۲۹	۱۸	۱۹	۳۲

جب ہیضہ کی شدت ہو اس نقش کو گلے میں ڈالے۔سوائے موت کے سب آفتوں سے محفوظ رہیگا۔

کھیعص	یا بدوح	یاحق
یاحفیظ	یاحفیظ	یاحفیظ
یالطیف	یاحفیظ	یالطیف
یاحفیظ	یالطیف	یاحفیظ

ایضاً جس شخص کے سر میں درد ہو۔اس تعویذ کو لکھ کر اپنی کمر میں باندھے۔وہ تعویذ یہ ہے۔

محمد محمد ایضاً۔واسطے درد نیم سر اس تعویذ شریف ماہ رمضان کے آخری جمعہ میں بعد

نماز جمعہ کے قبلہ رو بیٹھے اور لکھے اور جب کسی کے آدھے سر میں درد ہو یہ تعویذ سر میں باندھے۔ مرض بہت جلد شفا پاوے مجرب ہے۔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ۔ الم تر الیٰ ربک کیف مد الظل و لو شاء لجعلہ ساکنا ثم جعلنا الشمس علیہ دلیلاً ثم قبضناہ الینا قبضاً یسیراً۔ واسطے درد سر کے اس نقش کو لکھ کر باندھے ۱۱۱ھے کرے:۔

ایضاً۔ جس شخص کے سر میں درد ہو داہنے ہاتھ کی بیچ کی انگلی اور انگوٹھا سے دو طرف کی کنپٹی کو پکڑے اور الحمد پڑھے اور انگلیوں کو ذرا کھسکاتا جاوے۔ یہاں تک کہ وہ انگلیاں پیشانی پر لاکر بعد ختم الحمد کے مل جاویں اسی طرح تین مرتبہ کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ درد جلدی دور ہوگا مجرب ہے۔

ایضاً واسطے سر کے اس نقش کر سر پر

۲۳	۲۹	۳۰	۲۷
۳۷	۳۲	۳۱	۳۳
۲۱	۲۴	۲۵	۲۲
۴۰	۲۹	۲۴	۱۹

درد کو لکھ باندھے



ایضاً۔ جس شخص کی ناک سے خون جاری ہو اسی سے اس کی پیشانی پر لکھے انشاء اللہ تعالیٰ خون بند ہو جائے گا۔ وہ یہ ہے رصہ رصہ طلم طلم کلم طلم مجرب ہے۔ ایضاً جس شخص کی ناک سے خون جاری ہو۔ اس شکل کو اس کی پیشانی پر لکھے وہ یہ ہے:۔

اے خون بگناہ مادری کہ دخترے راجریف ماست

ایضاً جس شخص کو ضعف بصر ہو یا آنکھیں دکھتی ہوں اس آیت کریمہ کو تین بار بعد نماز پنجگانہ کے پڑھ کر آنکھوں پر دم کرے انشاء اللہ تعالیٰ آنکھ دکھنے سے محفوظ رہے گی اور بینائی تیز رہے گی۔ اللھم متعنی ببصری وجعلنہ وارث وافی الذور قارہی والنصری علی ما ظلمتنی۔ ایضاً جو شخص سات مرتبہ ہر روز پڑھیگا۔ آنکھیں درد نہ کرینگی۔ اور قوت زیادہ ہوگی۔ بدقا بدقا بدلیقا

ایضاً واسطے شب کوری کے اس نقش کو چہار شنبہ کے دن لکھے اور بازو پر باندھے صحت ہو جائیگی۔ نقش یہ ہے۔

محمد	احمد
مصطفےٰ	مرتضےٰ

ایضاً۔ جس کی ڈاڑھ یا جہاں کہیں درد ہو وے اس نقش مکرم کو باطہارت لکھے۔ اور درد ہو کر پئے۔ درد فوراً موقوف ہوگا۔ اکثر لوگوں نے تجربہ کیا ہے۔ اور مجرب پایا ہے وہ نقش یہ ہے۔

دو	حافظدار	رادہ	رادہا	رن ما	وادم	جلسہ
ع ع ع	ولوما	اسمد	مدن	من بلس	مدن	ہفت
وبجق	لا	الہ	الا	اللہ	محمد	الرسول اللہ
بجق	توریت	دبجق	انجیل	وبجق زبور	بجق قرآن	فرض اسالہ

ایضاً۔ جب کسی کے گردوں میں درد ہو۔ اس آیہ کریمہ کو لکھ کر گلے میں باندھے۔ درد رفع

ہو بے چینی و درد ہو آزمودہ ہے بسم اللہ الرحمن الرحیم اِنَّا جَعَلْنَا فِیْ اَعْنَاقِہِمْ اَغْلٰلًا فَہِیَ اِلَی الْاَذْقَانِ فَہُمْ مُّقْمَحُوْنَ -

ایضاً - واسطے درد گلو کے اس تعویذ کو لکھکر گلے میں باندھے - وہ نقش یہ ہے -

یا خبیر ۲	یا حی	یا احد ۴
یا کبیر ۷	یا بصیر ۵	یا لطیف ۴
یا باری	یا جلیل ۱	یا قدیر

ایضاً - جس شخص کے دل میں درد ہو یا ہول دل ہووے اس نقش کو لکھ کر دو کاغذوں پر لکھ کر گردن میں باندھے وہ نقش یہ ہے :- -

۳۸۱۱	۳۸۴	۳۸۹
۳۸۷	۳۸۸	۳۸۵
۳۸۷	۳۸۱۲	۳۸۵

ایضاً جب کسی کے کان میں درد ہو - اس آیہ کریمہ کو لکھ کر کان میں باندھے درد کم ہوگا - بسم اللہ الرحمٰن الرحیم - لم یسمعھا کان فی اذنیہ وقراً فبشرہ بعذاب الیم ط بالحق انزلناہ وبالحق نزل ط ایضاً - واسطے دفع ہونے ہول دل اور درد دل کے اس نقش مکرم کو بروز جمعہ قبل طلوع آفتاب کے سات دن تک بلاناغہ لکھے - اول روز دو نقش لکھے - ایک گلے میں ڈالے اور دوسرے کو گھول کر پئے - اور ہر روز ایک تعویذ گھول کر پی لیا کرے بفضلہ تعالیٰ ضرور شفا ہوگی مجرب ہے -

لاحول	لاحول	الله الله	العلی العظیم
العلی العظیم	الا باللہ	ولا قوۃ	ولا قوۃ
ولا قوۃ	لاحول	العلی العظیم	الا باللہ
الا باللہ	العلی العظیم	لاحول	ولا قوۃ

۲۲۲۴	۲۲۳۸	۱۲۲۸	۲۲۳۱
۲۲۲۶	۳۲۳۰	۲۲۲۰	۲۲۳۷
۲۲۱۷	۲۲۲۲	۴۴۳۰	۲۲۴۶

ایضاً - جس شخص کو درد دل یا خفقان ہو - ان دونوں نقشوں کو با طہارت بیٹھکر بخلوص نیت لکھے اللہ چاہے ہول دل موقوف ہوگا مجرب ہے نقش ہر دو یہ ہیں - - - - -

۱۲۶	۱۰۱۰	۱۵۷	۱۸۵
۱۸۵	۱۵۱	۱۴۷	۱۵۹
۵۵۱	۱۵۵	۱۶۲	۱۴۸
۱۲۱	۱۴۹	۱۵۰	۱۵۶

۸۹۹۷	۲۹۲۲	۸۹۲۰
۸۹۳	۸۹۱۴	۲۹۲۶
۸۹۲۴	۸۹۲۴	۸۹۲۱

ایضاً جس عورت کو چھاتی میں درد ہو اس دعا کو مٹی پر دم کرکے اس کو پئے - الٰی متی صنتھا متی سرخی روشن والی بنہ والن فانی النسب دن راست ران اسامر اس بلاس - ایضاً - واسطے درد پشت کے اس آیت کریمہ کو پشت پر باندھے - بسم اللہ الرحمٰن الرحیم - ثم قست قلوبکم من بعد ذالک - آخر آیت تک پڑھے اور اسی کو لکھے بھی -

ایضاً - واسطے زیادہ ہونے دودھ کے اس نقش کو لکھ کر چھاتی پر باندھے انشاء اللہ تعالیٰ دودھ زیادہ ہوجائیگا - نقش یہ ہے :-

۱۳۵ب	۱۲۰۰	۱۱۲
ط۲۱	۲۱۶	۳
۷۰۵	۲۰۵	۱۶۰

ایضاً - اس نقش کو واسطے درد شکم کے باندھیں - انشاء اللہ تعالیٰ بہت جلد درد شکم دور ہو جائے گا - وہ یہ ہے۔

۸	۹	۱۴	۱
۱۴	۴	۱۷۵	۱۴
۱۴	۴	۱۲	۱۳
۱۰۰	س	۹	۱۶

ایضاً - واسطے درد شکم کے بند ہونے خون شکم کے اس تعویذ کو لکھ کر شکم پر باندھے نفع کثیر ہو گا وہ یہ ہے۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔

۱۳	۲۲	۱۲
۱۴	۱۵	۱۴
۱۶	۱۱	۱۷

ایضاً - جس شخص کو بدہضمی کا عارضہ ہو - یہ دعا تین بار ہاتھ پر دم کرے اور شکم پر ہاتھ پھیرے وہ یہ ہے الید البد عبدی رضی اللہ عنہ سید عبداللہ القرے مجرب ہے :۔

ایضاً - واسطے دفع ہونے طحال کے چہار شنبہ کو لکھے اور کچے سوت میں باندھ کر طحال پر باندھے طحال دفع ہوگی وہ یہ ہے ۱۵۰ لالاءلالالاءۓ ۱۱۱

ایضاً - واسطے دور ہونے طحال کے اس نقش مکرم ح ح د طا احد ح د رحل عروج ماہ میں روز چہار شنبہ میں لکھے اور طحال پر باندھے۔ سارا طام م ہ وح صف سارا دو ماہ الطلاع

ایضاً واسطے درد گردہ کے اس نقش کو لکھے اور مریض کی کمر میں باندھے وہ نقش یہ ہے۔

ایضاً جس شخص کی ناف ٹل جائے دختر نابالغہ سے تاگے کچے سوت کی کتوا کر اس شکل کو لکھے اور سوت باندھ کر اس سوت کو ناف پر باندھے اور بعد صحت کے اس ڈورے کو کھول کر دریا میں ڈالدے وہ یہ ہے۔

۰	۶	۲	۴
۲	۳	۶	۰
۶	۲	:	۲
۶	۲	۰	۹

ایضاً - واسطے درد کمر کے اس تعویذ کو کاغذ پر لکھے اور سیاہ دھاگے میں باندھ کر کمر میں باندھے درد موقوف ہو گا بہت ہی مجرب ہے یا علیم یا علیم یا غفور غفور یا علیم غفور ھو ھو ھو

۴۰۶۱	۶۴۴	۱۶۳
۲۶۷	۲۶۳	۳۵۴
۲۶۰	۲۶۹	۲۶۸

ایضاً جس شخص کی ناف ٹل جائے اس نقش کو لکھ کر ناف پر باندھے ۔۔۔۔

ایضاً - جس شخص کی آنت اتر آتی ہو - وہ اس نقش کو کاغذ پر لکھ کر باندھے وہ نقش یہ ہے

۸	۶۷۰	۲۱۲	۶
۶۸	۳	۹	۹۲۵
۱	۱۵۷	۷۷	۶۵
۶۷	۲	۴	۱۱۱۵

ایضاً جس شخص کو سنگ مثانہ ہو جاوے، اس نقش کو لکھ کر گھول کر پلاوے - خدا کے فضل سے مریض بہت جلدی شفا پاوے مجرب ہے نقش یہ ہے


۲	۷	۶
۹	۵	۱
۴	۳	۸

ایضاً - جب کسی آدمی یا جانور کا پیشاب بند ہو جاوے تو چاروں ہاتھوں اور پیروں پر اسم لکھے

انشاءاللہ تعالیٰ بہت ہی جلد پیشاب کھل جائیگا - مجرب ہے ، اور وہ اسماء متبرکہ یہ ہیں اعطش عطیوش عیطش عشت :-

ایضاً جس شخص کے بیضہ میں درد ہو، آیت شریفہ کو ستر بار پڑھ کر روغن پر دم کر کے ہر روز مقام درد پر مالش کرے ، انشاءاللہ تعالیٰ تین روز تک صحت ہوگی - آیت کریمہ یہ ہے بسم اللہ الرحمٰن الرحیم وننزل من القرآن ماھو شفآء ورحمۃ للمومنین ؀

ایضاً - واسطے دفع ہونے بواسیر کے جس شخص کو بواسیر کا عارضہ ہووے - اس کو چاہیئے کہ ہفتہ کے دن عروج ماہ میں ایک دانہ لاکھ کا سوراخ دار لے کر اوّل آخر درود شریف پڑھے اور بسم اللہ شریف اکیس مرتبہ اس آیت کریمہ صم بکم عمی فھم لایرجعون کو پڑھ کر دانہ پر دم کرے اور کمر پر باندھے وہ شکل متبرک یہ ہے - - - -



ایضاً - واسطے دفع ہونے بواسیر کے اس دعا کو ہر روز پڑھے - انشاءاللہ تعالیٰ صحت ہوگی - بسم اللہ الرحمٰن الرحیم قوس مرقوس لایرون فیھا شمسا ولازمھریرا ؀

ایضاً - جس شخص کو عارضہ بواسیر کا ہو، آخری چہارشنبہ کے وقت آفتاب تعویذ کو چاندی کی انگوٹھی میں کندہ کرا کے پہنے انشاءاللہ تعالیٰ بواسیر دفع ہوگی - وہ تعویذ متبرک اس طرح لکھا جاتا ہے یعنی الم المص الر المر کھیعص حم طسم طس یس ص ن :-

ایضاً - جو کوئی عورت بانجھ ہو - ہرن کی جھلی پر زعفران اور گلاب سے یہ آیت لکھے - اور وہ یہ آیت شریف ہے :- ولو ان قرانا سیرت بہ الجبال او قطعت بہ الارض او کلم بہ الموتی بل للہ الامر جمیعا ؕ پھر تعویذ مذکور کو عورت کی گردن میں باندھے انشاءاللہ تعالیٰ اس کے ہاں بچہ ہوگا ، مجرب ہے ،

ایضاً ، جو کوئی عورت بانجھ ہو ، فیروزہ کے نگینہ پر اس آیت کریمہ رب لاتذرنی فردا وانت خیر الوارثین کو کھدوا کر انگوٹھی ہاتھ میں پہنے اور جب آدھی رات گذرے ، اوّل و آخر گیارہ بار درود شریف پڑھ کر اس آیت کریمہ کو گیارہ مرتبہ باطہارت پڑھ کر خلوص نیت سے ہر روز بلاناغہ ۴۰ چالیس روز تک پڑھا کرے خدا چاہے گا تو درمیان چالیس روز کے حمل قرار پاوے گا - بہت مجرب ہے -

ایضاً - جس عورت کو حمل نہ رہتا ہو اس تعویذ کو کاغذ پر لکھ کر دھو کر پلاوے وہ یہ ہے

۷۶۱۱۱۸۶۱۶۱۱۸۶۱ ۱۱ ۱۱ ۱۱ ۱۱

۵	۱۲	۱
۲	۶	۱۰
۱۱	۶	۷

جو عورت بانجھ والی ہو - اس تعویذ کو گلے میں باندھے :-

فائدہ ۔ اگر کسی شخص کو دریافت کرنا منظور ہو کہ فرزند نہ ہونے میں قصور عورت کا ہے یا مرد کا تو چاہئیے کہ مرد عورت کے نام کے عدد بحساب ابجد کے لکھے اور پھر نو پر طرح دے اگر عدد جفت باقی رہیں، قصور مرد کا ہے اور طاق باقی رہیں تو قصور عورت کا ہے، ایضاً جس عورت کا حمل خام گر جاتا ہو، وہ سورہ اخلاص گیارہ بار پڑھ کر پانی پر دم کر کے عورت مذکور کو پلاوے۔ یا سات تار کچے سوت کے لے کر اس پر گیارہ مرتبہ سورۂ مزمل پڑھے اور ایک ایک مرتبہ گرہ دیوے اور پھر عورت کی کمر میں باندھے۔ خدا تعالٰے کے فضل و کرم سے حمل برقرار رہے گا۔ مجرب ہے ؛

ایضاً۔ واسطے دفع ہونے درد زہ کے یہ شعر مجرب ہے، لکھ کر عورت کی داہنی ران پر باندھیں۔ خدا کے فضل و کرم سے درد زہ دور ہوگا۔ اور فرزند آسانی سے پیدا ہوگا:۔ ؎

مرا جا شد خرم را نیز جا شد ۔۔۔ زن دہقان برائد یا نزائد ؛

ایضاً حضرت مولانا مولوی محمد اصغر علی قدس سرہ العزیز نے ارشاد فرمایا ہے، کہ جب کسی عورت کو درد زہ شدید شروع ہو۔ اس آیت کریمہ کو لکھ کر عورت کی بائیں ران میں باندھے۔ وہ آیت شریف یہ ہے :۔ وَاَلْقَتْ مَافِیْهَا وَتَخَلَّتْ وَاَذِنَتْ لِرَبِّهَا وَحُقَّتْ اهیا اشراهیا۔

جب بچہ پیدا ہو جاوے تو کھول ڈالے۔ بہت مجرب ہے :۔

ایضاً جس عورت کو درد زہ کی شدت ہو اور بچہ پیدا نہو، اس نقش مکرم کو لکھ کر عورت کی بائیں ران پر باندھے بہت جلد بچہ پیدا ہوگا۔ نقش مکرم و معظم یہ ہے :۔

۷۸۶

۱	۱۳	۱۲	۲
۲	۷	۴	۱۴
۶	۶	۱۶	۳
۱۰	۵ع	۵	۱۰

ایضاً۔ جس شخص کو خواب میں احتلام شدت سے ہو یا ہر رات ہو جاتا ہو تو بسم اللہ الرحمٰن الرحیم اور یا علیؓ تین مرتبہ اپنے سینے پر اور یا عمرؓ اپنے کلمہ کی انگلی سے اپنی ناف پر لکھ کر سو رہے، انشاء اللہ تعالٰے ہرگز احتلام نہ ہوگا۔ نہایت مجرب اور آزمودہ ہے۔

ایضاً۔ جس عورت کو حیض بشدت آتا ہو وہ اس نقش کو ہرن کی کھال پر لکھ کر عورت کی بائیں ران پر باندھے۔ خدا کے فضل سے خون بند ہو جائیگا۔ مجرب ہے نقش یہ ہے

۷۸۶

۱۳۰	۳۰۳	۷۵
۱۵	۲۶	۵۴
۵۶۷	یا قابض	۲۷۶

ایضاً۔ جو کوئی سورہ یٰس کو پڑھ کر سو رہے۔ ہرگز احتلام نہوگا۔ مجرب ہے ؛

فصل ۸ متفرقات میں؛

کتاب مفاخر الاسلام میں لکھا ہے کہ جس شخص کو آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی زیارت کا شرف

حاصل کرنے کا شوق ہو۔ ایک ہزار مرتبہ یہ درود شریف جمعہ کے روز پڑھے اللھم صل علی سیدنا محمد ن النبی الامی انشاء اللہ خواب میں شرف رویت سے مشرف ہوگا۔ اور اگر اس جمعہ کو محروم رہے تو پھر دوسرے جمعہ کو پڑھے اور اگر پھر بھی محروم رہے تو متواتر پانچ جمعوں تک پڑھتا رہے بفضلہ تعالیٰ زیارت آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے ضرور مشرف ہوگا:۔

ایضاً۔ واسطے زیادہ ہونے حافظہ کے ان آیات کو روٹی کے ٹکڑے پر لکھ کر نہار منہ کھاوے انشاء اللہ تعالیٰ حافظہ زیادہ ہوگا۔ اس ترتیب سے لکھے (روز شنبہ) فتعالی اللہ الملك الحق (روز یکشنبہ) رب زدنی علما (روز دوشنبہ) سنقرئك فلا تنسیٰ (روز سہ شنبہ) انہ یعلم الجھر وما یخفی (روز چہار شنبہ) لا تحرك بہ لسانك لتعجل بہ (روز پنجشنبہ) ان علینا جمعہ و قرانہ (روز جمعہ) فاذا قرءناہ فاتبع قرانہ۔ مولف کو ایک درویش نے اجازت دی تھی اور فقیر مؤلف اپنے سب مسلمان بھائیوں کو بخوشی تمام اجازت دیتا ہے۔ اللہ تعالیٰ سب بھائیوں کو اپنے مقصد میں کامیاب کرے اور اپنے فضل وکرم سے حافظہ لطیف عطا فرماوے، آمین ثم آمین۔

ایضاً واسطے زیادہ ہونے فہم اور حافظہ کے ان آیات کریمہ کو اول وآخر درود شریف پڑھ کر گیارہ بار بعد ہر نماز کے پڑھے آیت کریمہ یہ ہے رب اشرح لی صدری ویسرلی امری واحلل عقدۃ من لسانی یفقھو قولی علم الانسان مالم یعلم رب زدنی علما۔

ایضاً۔ اگر کوئی شخص سفر کو جاوے اور اس مربع کو اپنے پاس رکھے تو ہرگز چلنے سے نہ تھکے گا اور قوت چلنے کی زیادہ پیدا ہوگی۔ وہ نقش مکرم یہ ہے

مقتدر	قوی	قائم	قادر
قائم	قادر	مقتدر	قوی
قادر	قائم	قوی	مقتدر
قوی	مقتدر	قادر	قائم

ایضاً۔ تفسیر معانی میں لکھا ہے کہ مکھی یا مچھر بہت ایذا دیں۔ تو تھوڑا سا دریا کا بالو ریت لے کر ان آیات کو پڑھے اور اسی گھر میں چھڑک دے۔ انشاء اللہ تعالیٰ مکھی اور مچھر وغیرہ دور ہو جائینگے +

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

فاللہ خیر حافظا وھو ارحم الراحمین فتبارك اللہ احسن الخالقین،

استودع اللہ ذنبك ومالك وزوجك:۔

ایضاً۔ کتاب مفتاح الجنان میں لکھا ہے کہ جب بھڑیں بہت ہو جاویں اور لوگوں کو ستائیں۔ تو چاہئیے کہ تھوڑا سا نمک لے کر اور پانی میں گھول کر پانی میں چھڑکیں، اور یہ دعائیں بار بار پڑھیں، ایک

ہی ہفتہ میں انشاء اللہ تعالیٰ سب کھٹریں دور ہوجائیں گی، دعا ء بزرگ یہ ہے :-
وبحق اھیا اشراھیا ادنی یا غیاث وبحق عنت الوجوہ للحی القیوم:-
ایضاً واسطے دفع ہونے چیونٹیوں کے آیت کو پانی میں پڑھ کر چیونٹیوں کے سوراخ میں ڈالے۔ وہ آیت کریمہ یہ ہے حتی اذا اتوا علی واد النمل آخر تک پڑھے یہ عمل بھی کتاب مفتاح الجنان میں ہی لکھا ہے۔ ایضاً جس شخص کو بچھو یا سانپ یا کھنکھجورہ یا اور کوئی جانور زہردار کاٹے تو چاہئے کہ اس دعا کو سات مرتبہ پڑھ کر قند سیاہ پر دم کرے اور کاٹے ہوئے کو کھلا دے یا شربت بنا کر پلا دے انشاء اللہ تعالیٰ بہت جلد صحت پاوے اور وہ دعاء مذکورہ یہ ہے۔ بسم اللہ الرحمن الرحیم قل اعوذ برب الصبحۃ من شر کل عقرب وحیۃ انھم یکیدون کیدا واکید کیدا فمھل الکافرین امھلھم رویدا۔
ایضاً جس شخص کو بچھو کاٹے تین مرتبہ اس منتر کو پڑھ کر دم کرے زہر دفع ہوگا منتر یہ ہے :-

منتر

کالا بچھو پھوکنا بچھو دار زہری تو بچہ سونے کا ناگوار وھا الیسر بناوے اتر بچھو حضرت خواجہ معین الدین چشتی کی آن۔ ایضاً جس کو کتا کاٹے ایک چلو بھر پانی لیوے اور اس افسون کو تین بار پانی پر دم کرے اور پلا دے۔ افسون یہ ہے۔ کالی ناگن چھپ کر کے الانس کو کھاوے کارے کتے اور سیاہ کا تامر سب پانی جائے۔
ایضاً۔ واسطے دفع کل زہروں کے اس آیت کو ڈھول پر لکھے۔ اور بجا دے۔ وہ آیت یہ ہے۔ لمن النھر وکفر۔ آخر آیت تک تمام پڑھے۔
ایضاً اگر کسی جگہ آگ لگ جائے تو اسمائے اصحاب کہف پیالے پر لکھ کر آگ میں ڈالے۔ فوراً ہی بجھ جائیگی اور وہ اسمائے یہ ہیں۔ الٰہی بحرمۃ یملیخا مکسلمینا کشفوط تبیونس اذرفطیونس کشافط یونس یوانس یونس اسم کلبھم قطمیر۔
ایضاً۔ اگر مینہ نہ برستا ہو، اور کھیت وغیرہ میں حرج ہو۔ تو ایک کاغذ پر باطہارت اسمائے اصحاب کہف لکھ کر دریا میں ڈال دے انشاء اللہ تعالیٰ ضرور مینہ برسے گا نہایت مجرب ہے۔
اگر مینہ نہ برستا ہو واسطے پانی برسنے کے چالیس روز کاغذ سفید یا کسی تختی پر لکھ کر درخت پر لٹکا دے کہ ہوا اس کو جنبش دے انشاء اللہ تعالیٰ ابر غلیظ غیب سے نمودار ہوگا، اور برسے گا جب پانی بہت برسے اور زراعت اور مکانات کو نقصان ہو۔ تو اکتالیس (۴۱) بار حرف قؔ کو کاغذ سفید پر لکھے اور درخت سبز میں لٹکا دے۔ پانی برسنے سے موقوف رہیگا۔ مجرب ہے :-

ایضاً ۔کتب احادیث میں لکھا ہے کہ پہلی رات کا چاند دیکھے تو کہے اللہ اکبر ۔اور یہ دعا پڑھے اللھم اھلہ الینا بالامن والایمان والسلامۃ والسلام والتوفیق کما تحب وترضی ربی وربک اللہ ۔

ایضاً ۔مقصود العاشقین وغیرہ میں لکھا ہے کہ جب پہلی رات کا چاند دیکھے تو بعد دعائے ہلال کے سورہ الحمد بیس بار پڑھے مہینہ بھر ہر ایک بلکہ تمام آفات و بلیات سے محفوظ رہے گا ۔اور بعض روایتوں میں پڑھنا یٰسین کا ایک بار آیا ہے ۔

ایضاً جب کوئی نیا کپڑا قطع کرے تو ان دنوں کا لحاظ رکھے چنانچہ کتاب رازالنور میں حضرت علی کرم اللہ وجہہ سے روایت ہے اور اس کو کسی شاعر نے نظم کیا ہے ، ؎

نظم

بریدن جامۂ نو را تو مے داں	بہ یکشنبہ شوی غمگیں پریشاں ؎
کشائش رزق و روزی در دوشنبہ	بدردیا بدوزد درسہ شنبہ
بروز چارشنبہ یاد باشی	بہ پنجشنبہ زغم آزاد باشی
بروز جمعہ گنج و مال یابی	بہ شنبہ رنج و غم فی الحال یابی

ایضاً ۔جب کوئی نیا کپڑا پہنے یا استعمال کرے ۔ان اشعار کے موافق دیکھ کر استعمال کرے وہ اشعار یہ ہیں :۔

نظم

بہ شنبہ مے شود نقصان حاجت	بہ یکشنبہ بود دولت وراحت
دوشنبہ را چو پوشی مرگ بینی	سہ شنبہ پوشی و غمگین نشینی
بروز چارشنبہ دولت آید ؎	بہ پنجشنبہ بے دولت نماید
بروز جمعہ دنیا دیں بیابند	چنیں تعبیر حکمایاں نمایند

ایضاً ۔جس شخص کے کان میں درد ہو ، اور تکلیف اور بے چینی ہو ، یہ آیت کریمہ لم یسمعھا کان فی اذنیہ وقرًا ۔آخر تک پڑھ کر دم کرے ان شاء اللہ تعالیٰ درد رفع ہو جاوے گا مجرب ہے ؎

ایضاً ۔جس شخص کو کان میں درد سے بہت ایذا ہو تو کوئی شخص یاسمیع پڑھ کر اُس کے کان میں دم کر دے نہایت مجرب ہے ۔

ایضاً جس شخص کے گلے میں درد ہو، دوشنبہ یا جمعہ کو تعویذ لکھے، اور گلے میں باندھے ؛۔
بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ط الی اللہ الی اللہ ہو یواکح فی اللوح انشاء اللہ تعالیٰ درد اور ورم گلے کا دور ہو جاوے گا ؛
ایضاً۔ جس شخص کو کھانسی خشک ہووے، وہ روغن چنبیلی پر سات بار سورہ فاتحہ معہ بسم اللہ کے دم کر کے اول آخر درود شریف پڑھ کر دم کرے اور مریض اس روز کو اپنے گلے میں بعد نماز عشاء کے ملا کرے انشاء اللہ تعالیٰ شفا پاوے گا۔
ایضاً کتاب مقصود العاشقین میں لکھا ہے کہ حوالی مصر میں ایک بزرگ رہا کرتے تھے جب اُن کی وفات کا وقت پہنچا اور پیمانہ عمر لبریز ہو کر اچھلنے پر آیا تو فرمایا کہ قلم اور دوات لاؤ ایک دعا مجھ کو یاد ہے۔ اُس کو لکھ لو چنانچہ دعا لکھوائی اور تعلیم فرمائی کہ میں ہمیشہ کو واسطے درد دندان کے پڑھا کرتا تھا اور بعنایت پروردگار عالم شفا ہو جایا کرتی تھی، وہ دعا یہ ہے بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ط کھیعص حم عسق اللہ لا الہ الا ھو رب العرش العظیم اسکن کھیعص ذکر رحمت ربک عبدہ زکریا اسکن الذی سکن لہ ما فی السموات وما فی الارض وھو السمیع العلیم ط

متفرق نسخہ جات

نسخہ منہ آنے کا، گاؤزبان سوختہ کباب چینی، کتھ سفید دو ماشہ زہر مہرہ خطائی ماشہ ۲ ماشہ طباشیر کبود، دانہ الائچی باریک کوٹ چھان کر منہ پر چھڑکیں۔ صحت ہوگی۔
نسخہ۔ برائے درد دندان، چوب جامن سوختہ، سوہن مکھی ۲ ماشہ سنگ جراحت دو ماشہ مصطگی دو ماشہ مرچ سیاہ دو ماشہ شب یمانی بریان چھ ماشہ سب کو کوٹ چھان کر منجن تیار کریں، یہ سفوف دانتوں کے درد کو مفید اور زود اثر ہے ؛
نسخہ ہریرہ مقوی دماغ، نشاستہ گندم ایک تولہ، نخود بریان تولہ مغز بہیدانہ ایک تولہ تخم خشخاش سفید دو تولہ مسکہ ملا کر بدستور حریرہ تیار کریں ؛
نسخہ جہت بصارت جس شخص کو دکھائی نہ دیتا ہو تو اس نسخہ کو طیار کر کے استعمال کرے انشاء اللہ تعالیٰ نفع پہنچے گا نسخہ ذیل میں درج ہے ؛
نسخہ۔ فلفل سوختہ ایک عدد توتیا سے بریاں ایک ماشہ نوفل سوختہ ایک عدد پھٹکڑی بریاں دو ماشہ۔ رسوت ایک ماشہ، ہلیلہ زرد ایک عدد ان سب کو جبت کر کے پیالے کے نیم سوختے

ے حاصل کر کے تیار کرے بہت مفید ہے۔ رات کو سوتے وقت دو دو سلائی آنکھوں میں لگائے۔ بہت نفع ہوگا؛

ایضاً جس شخص کی آنکھ میں پھلی ہو یہ نسخہ تیار کرے روغن خالص کوپل برگ نیب ایک تولہ صابن ولایتی ۲ تولہ باریک کر کے چھانے اور روغن مذکور میں حل کر کے حسب دستور استعمال کریں خدا کے فضل سے بہت فائدہ ہوگا؛

ایضاً جس شخص کے آدھے سر میں درد ہوتا ہو ادرک سونٹھ اور شہد کو تھوڑے گھی میں ملا کر تین قطرے ناک میں ٹپکاوے اور دھوپ میں بیٹھے انشاء اللہ تعالیٰ صحت ہوگی۔

اور جس شخص کے کان میں درد ہو برگ سگدرسن کو آگ میں جوش دے کر عرق اس کا کان میں نچوڑیں؛

ایضاً جس شخص کو تپ لرزہ آتا ہو، مغز کرنجوہ باریک پیس کر قند سیاہ میں موافق جنگلی بیر کے گولیاں بناوے اور قبل آمد بخار کے مریض کو کھلاوے انشاء اللہ تعالیٰ مریض کو کامل صحت ہو جاوے گی؛

تمت